ZZ
g
12

ORI
Acc.
00044166

B. B. R. A. S.

BOMBAY BRANCH
OF THE
Royal Asiatic Society.

Digitized with financial assistance from the
Government of Maharashtra
on 02 January, 2016

LES AVENTURES

DE KAMRUP,

PAR TAHCIN-UDDIN;

PUBLIÉES EN HINDOUSTANI

PAR M. GARCIN DE TASSY,

PROFESSEUR D'HINDOUSTANI A L'ÉCOLE SPÉCIALE DES LANGUES ORIENTALES,
MEMBRE DES SOCIÉTÉS ASIATIQUES
DE PARIS, DE LONDRES, DE CALCUTTA, DE MADRAS ET DE BOMBAY.

44166

33-9-12

PARIS.

IMPRIMÉ PAR AUTORISATION DE M. LE GARDE DES SCEAUX

A L'IMPRIMERIE ROYALE.

M DCCC XXXV.

ORL
Ara 898-71
Tah|Ave
44166

A PARIS,

CHEZ DE BURE FRÈRES, LIBRAIRES DE LA BIBLIOTHÈQUE DU ROI,
7, RUE SERPENTE.

ON TROUVE CHEZ LES MÊMES LIBRAIRES :

LES AVENTURES DE KAMRUP, par Tahcîn-uddîn, traduites de l'hindoustani par M. Garcin de Tassy ; ouvrage publié sous les auspices du Comité des traductions orientales de la Grande-Bretagne et de l'Irlande. In-8° br. 8 fr.

Les mêmes, grand papier . . . . 15 fr.

٤٤١٦٦

LES ŒUVRES DE WALI, publiées en hindoustani par le même. 1834. In-4°, papier royal, broché . . . . 20 fr.

Les mêmes, papier vélin . . . . 30 fr.

RUDIMENTS DE LA LANGUE HINDOUSTANI, à l'usage des élèves de l'École royale et spéciale des langues orientales vivantes ; par le même. 1829. In-4° broché . . . . 9 fr.

Les mêmes, papier vélin . . . . 14 fr.

APPENDICE AUX RUDIMENTS DE LA LANGUE HINDOUSTANI, contenant, avec quelques additions à la grammaire, des lettres hindoustani originales, accompagnées d'une traduction et de *fac simile;* par le même. 1833. In-4° broché . . . . 9 fr.

Le même ouvrage, papier vélin . . . . 14 fr.

00044166

AVIS.

Je publie aujourd'hui le texte des *Aventures de Kâmrûp*, selon la promesse que j'en ai faite dans la préface de la traduction de cet ouvrage, imprimée sous les auspices du *Comité des traductions orientales de la Grande-Bretagne et de l'Irlande*. Une partie des notes de la traduction se rapportent au texte, le lecteur devra y recourir.

J'ai tenu à ce que les hémistiches de chaque vers fussent sur une même ligne; il a fallu, d'un autre côté, que la justification du texte se rapprochât le plus possible de celle de la traduction : c'est ce qui m'a obligé de joindre quelquefois plusieurs mots ensemble, et de retrancher dans certains cas l'*anuswâra*, et des *yé* ou des *waw* employés comme voyelles brèves; j'ai suivi en cela l'exemple de quelques éditeurs de Calcutta.

On trouvera dans certains endroits des différences entre le texte et la traduction, différences qui paraîtront former des contresens. Cela tient généralement à ce que je me suis déterminé, en faisant imprimer le texte, à choisir, pour les passages dont il s'agit, des leçons autres que celles que j'avais suivies dans ma traduction. Je m'étais proposé de donner une sorte d'*errata* pour faire concorder dans ces passages le texte

avec la traduction; mais j'y ai renoncé en définitive, parce que c'est peu important pour ceux qui ne connaissent pas l'hindoustani, et que les autres peuvent s'en passer aisément.

Pour ne pas laisser en blanc la dernière page de ce petit volume, j'y ai placé la belle oraison que le célèbre écrivain hindoustani Haçan a mise en tête de son poëme intitulé *Sihr ul-bayán*. Ce morceau me paraît remarquable par la noblesse et la pureté des sentiments qui y sont exprimés; un chrétien n'aurait pu s'énoncer plus convenablement.

مناجات میر حسن کی

آلہی بحق رسول امین
بحق علی و باصحب دین

بحق بتول و بآل رسول
کرون عرض جومین سو ھوئی قبول

آلہی مین بندہ گنہگار ھون
گناھونمی اپنی گران بار ھون

مجھی بخشیو میری پروردگار
کہ ھی تو کریم اور آمرزگار

مری عرض یہہ ھیکہ جبتک جیوٗن
شراب محبت کو تیری پیوٗن

سوا تیری الفتکی اور سب ھی ھیچ
یہی ھو نہ ھو اور کچھہ اچ پیچ

جو غم ھو تو ھو آل احمد کا غم
سوا اس المکی نہو کچھہ الم

رھی سب طرف سی مری دلکو چین
بحق حسن اور بحق حسین

کسی سی نکرنی پڑی التجا
توکرخود بہ خودمری حاجت روا

صحیح اور سالم سدا مجکو رکھہ
خوشی سی ھمیشہ خدا مجکو رکھہ

مری آل اولاد کو شاد رکھہ
مری دوستونکو تو آباد رکھہ

مین کھاتاھون جسکا نمک ایکریم
سدا رحم کر اس پہ تو ایکریم

جیوٗن آبرو اور حرمتکی ساتھہ
رھون مین عزیزونمی عزتکی ساتھہ

برآوین مری دین ودنیا کی کام
بحق محمد علیہ السلام

تمت

Tehsinudd

قصهٔ کامروپ وکلا

که جو

kamroop wa

تحسین الدین نی

تصنیف کی

اب

غرسین دتاسی کا

تصحیح کیا هوا

شهر پاریز کی

پادشاهی چهاپی خانی مین چهاپا گیا هی

سنـــه عیسوی ۱۸۳۵

مطابق سنـــه هجری کی ۱۲۵۱

یا فتاح

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی بحق تو کرتار ہے — دو عالم کا پیدا کرنہار ہے
نکوئی کری تیری قدرت بیان — نہیں علم تیرا کسیپر عیان
دوجگمین سکل کام تیرا اپار — اچمبھا دسا جگمی تیرا بھنڈار
بھنڈار یسیترجیئین جیو جنت — نپایا ہے تیری بھنڈارکا انت
سکل جیو جن ڈرسی تیری کپین — تیری عشق سی نام تیرا جپین
تونی عشقسی سبکو پیدا کیا — تیری عشقنی سبکو شیدا کیا
یہی عشق یوسفمین جلوہ لیا — زلیخا کو برقع سی باہر کیا
اتھا شاہ محمود با عز و ناز — ہوا عشقسی شہ غلام آیاز
یہی عشق خسرو و فرھاد مین — تجا جان شیرین کی بیداد مین
یہی عشق مجنونمین تھا از ازل — بہانہ سی لیلی کی دیکھا جنگل
ایسی عشق نی نلکو جوگی کیا — دمنکی درسکا بیوگی کیا
منوھر ایسی عشق سی دربدر — پڑی جبسوں مدہ مالتی اوپر نظر
ایسی عشقکی راہ مین جو چلی — سنگھاتی نہ اپنا بیگانہ ملی
یہی عشق جس گھٹمین آکر بسا — اسی دیکھکر یہہ جگت سب ھنسا
ولیکن وہی سبمین سر تاج ہے — دوجگمین جسی عشقکا راج ہے
حرف تین ہے عشقکا سن بیان — جو عاشق ہے اسپر ھوا یہہ عیان
اول عین ھیگا عقلکو پکڑ — دو زلفونسی دلبرکی باندھی جکڑ

دوجا شین کھوی شرم لاج پت ‏ رکھیجگمین پوری بیوگیکیگھت
سیوم تان ھیگا ندیوی قرار ‏ عقل شرم سب کھوکری بیقرار
ندی عشقکی نت ابلتی رھی ‏ اگن عشقکی تنمین جلتی رھی
جلی ھین اگنعشقمین ھرکدام ‏ لچی دلکتین عشق رکھتا ھی خام
اگنکی سمندرسی آجو چلی ‏ تب اس یارسی عشقکی بو ملی
عجب گلشن عشقمین ھی بہار ‏ معطر ھی اسمین نسیم تیار
کلی عشقمین رنگ صورت نہین ‏ اصل بوی اسمین کدورت نہین
جنہونکو ھوا حرص گاھی زکام ‏ وه محروم ھی اسکیبوسی مدام
یہی عشق ھی عشق ھی عشق ھی ‏ جسی عشق ھی نافهٔ مشک ھی
اگر مشک نافه مین ھی کام ھی ‏ بنا مشک نافه یہی جام ھی
محمد ھوا مشک نافه منان ‏ حضور اسکی باطل ھوا سبگذان
خدانی کیا اسکو سردار سب ‏ همه انبیا پر وھی ھی عجب
اطاعت مین اسکی زمین آسمان ‏ ھوا دین دنیا دگر لا مکان
گنہگار امت شفیع الورا ‏ وھی ھیگا مالك بروز جزا
دگر یار اصحاب اسکی چہار ‏ ابو بکر عثمان ھین نامدار
عمر وعلی شیر ھین لا کلام ‏ سبہی صاحبان پر ھمارا سلام

در ذکر نمودن سدابرت وآمدن فقیر چرم پوش ودادن سری پهل وخورانیدن رانی وتولّد شدن کنور کامروپ

سنو اب کیتها عشق کی نام کی — کنور کامروپ اور کلا کام کی
اوده پورگورکهمین تها راج پت — اتها نام اسکا مها راج پت
ملك مال اموال تها بیشمار — محلهای رنگین وزرین نگار
جوهی پرتهمیمینسوسب اسکوتها — مگر ایک فرزند اسکی نتها
رهی راج پت نت اسی فکرسی — که دیوی خدا ایک فرزند اسی
مها راج پت سوچتین نت رهی — نه اپنا مرم یه کسیسی کهی
چهه اسکی مصاحب رهی با هنر — مها راج کی پاس بایکدگر
اول تها کرم چند نام وزیر — بهت با هنرهم بعقل ودبیر
مشر دوسرا تها کنول روپ نام — مها راجکی پاس رهتا مدام
اتها تیسرا پنڈت گیان ونت — اچارج کهین نام اسکا مهنت
چهارم یکی جوهری با هنر — که در هرجواهرمین رکهتا نظر
مصاحب چتیرا رهی پانچوان — کری چترکاری بهت بیگمان
کلانوت چهتها نام رسرنگ تها — که هردم مها راجکی سنگ تها
سب اپنی هنرمین بهت بیبها — مها راجکو تها اندرکا سبها
مها راج ان سبسین دلبند تها — نه انکی نه راجه کی فرزند تها
چهون راج پتکی کرین بندگی — ولیکن فکر سبکو فرزندکی
ایسی سوچتین راجا نت ایکدن — کها سب مصاحبسی اپنا بچن

کرو دھیان جس گھر میں بالا نہیں   اندھیرا ہے وہ گھر اجالا نہیں
اگر بنس ہے ملک اور راج ہے   بنا بنس سب کاج اکاج ہے
یہی بنس جسکی کرم میں بدا   انہونکا جنم سکھسی بیتی سدا
تجون یہہ ملکمال اور راج سب   کرو تم ایسیراجکا کاج سب
یہہ میری بچن تم سنو کاندھر   لباس گدائی کروں سر بسر
کرو راج تم مینکروں یہہ جتن   بیراگی برن کا کروں اپنا تن
لگا کر بھبھوت اور بڑھا کر کی کیس   گلی ڈال کنٹھا اتیتونکی بھیس
محلسی نکل ھاتھہ کھپر کروں   نگر دیس پردیس پھرتا رھوں
جگتموں پھروں جوں پھری بینوا   مگر ایک فرزند دیوی خدا
دھروں سیس انکی چرنکی تلی   اگر وھاں مجھی بنس باچا ملی
مہا راج پتکا سنا یہہ دھیان   نہ اسمیں چلی کچھہ کسیکا گیان
ھوئی سوچمیں سبنکچھہ کرسکیں   نبولیں کہ اسراجکو ھم رکھیں
کرم چند انسمیں دیوان تھا   بھرعلم و تدبیر پرگیان تھا
مہاراجسی جب سنا یہہ بچن   ادبسی کہا سن مہاراج من
بدھاتانی راجا کیا ہے تمھیں   ملک مال وزر سب دیا ہے تمھیں
اینسی راج اوپر کرو تم جتن   غریبونسی مانگو دعاکی بچن
سدا برت کرکی بھنڈارا کرو   اندھیری گھرونکو اجالا کرو
بلاکر دیبو سبکو بستر برن   جو آوین تو انھسبسی بولو بچن
دھرمدان پنسی کرو سب کو یاد   انہونکی دعاسی ملی یہہ مراد
کہو تب بھنڈاریمیں اگر رھو   مہاراج فرزند پاوی کہو
سبھی جنتجوگی کریں سبذکر   مہاراج فرزند پاوی مگر
کرم چندسی جب سنا یہہ بچن   کہا جاکہ اسکا کرو کچھہ جتن

بدا هو کرم چند باهر نکل — کہا جا نگر میں بناؤں محل
عمارتکی معمار سب کو بلا — کرم چند دیوان نی یہہ کہا
گل وخشتکا سب سرانجام کر — کرو جاکہ تیار بھنڈار گھر
عمارت بناؤ بہر چار سو — رکھو راہ اسمیں بہر چار سو
ذخیرہ کرو اسمیں انبارکا — رکھو اسمینسب جنس بھنڈارکا
سرانجام اسمیں رکھو سب تمام — سدابرت اسمیں کرو صبحوشام
کرمچندنی جب بھنڈارا کیا — نگر میں سدابرت سارا کیا
غریب وبدیسی مسافر تمام — سدابرتمیں سب رهیں صبحوشام
کہیں ملکی سب رینددن یہہ سدا — مہاراج فرزند پاوی خدا
بھنڈارا رها سال بھرکی مدام — بہر جنس دنیا کہ باشد تمام
کرمچندکا نت یہی مدعا — کہی سب غریبانکو مانگو دعا
اتها ایک درویش چرمیں لباس — یکایک وه آیا کرم چند پاس
کرمچندنی اسکو تعظیم کر — بٹھایا بحرمت سی تسلیم کر
به تعظیم حرمتسی آکر بٹھا — تب اسی کرمچندنی یہہ کہا
کہا راج یتکو یہی هی فکر — مہاراج فرزند پاوی مگر
مہاراج پر کچھہ کرو تم دیا — کرو بنس باچاسی اسپر میا
میا کرکی درویش اسباتمیں — سری پھل جنگل لیا هاتمیں
دیا تب کرمچند دیوانکو — که دیوی مہاراج پرگیانکو
کہا جا سریپھل کھلائیو اسی — جو رانی مہاراجکی من بسی
رکھی جگمیں جو بیکسانکو پرا — یقین هی که پاوی مراد از خدا
خوشی هو کرمچندنی پھل لیا — مہاراجکی هات جاکر دیا
سنا تها بچن وهاں جو دیوان نی — کہا سب مہاراجکی سامہنی

مہاراج سب سنکی پھل ہاتھ کر   خوشی ہو چلا لی محلکی بھیتر
جپا نام کرتا رکھا منمین آس   گیا لیکی رانی سندر روپ پاس
سندر روپ رانی تھی سندر بدن   ملا تھا مہاراجکی منسی من
مہاراجنی پھل اسی جا دیا   سندرروپ رانینی وہ پھل لیا
سو پھل لیکی رانینی اشنان کر   رکھا برت اولادکا دھیان کر
وہی پھل جو درویشنی لا دیا   اسی پھلکو رانینی بھوجن کیا
لگایا سوگندہ اور بنایا سب انگ   کیا کھیل رانینی راجاکی سنگ
اسی دنمین رانی ہوئی گربتا   یہہ سنکر ہوا خوش نگرتھا جتا
ہوئی بنسکی آس راجا کینتئیں   بھروسا ہوا راج و پرجا کینتئیں
سدابرتکا جب کیا یہہ دھرم   بدھاتانی سب پر کیا یہہ کرم
چھونوہ مصاحبجو راجہ کینتھی   انہونکیجو فرزند ایکبھی نتھی
مہاراج پتکی سدابرت سی   چھونکی ہوئی استری گربہ سی
ہوئی نو مہینہ لگا مانس دس   رخ ارغوانی ہوا مثل خس
دہم ماہکی دن کئی بیشوکم   سو ساعتمین کنورنی پایا جنم
کنورسی اجالا ہوا سب مندر   کگنپرسیجیونبھویمی آیا چندر
خوشیکا اجالا ہوا گھر بگھر   چندرمہ یہی تھا نگر در نگر
خبردار سب اس خبرکی جوتھی   خبر یہہ مہاراج کن لیگئی
کہا جا مہاراجکی سامہنین   مہاراج بنسی مبارک تمہین
مہاراجنی جب سنی یہہ خبر   خوشی ہو کی آیا کنورکی مندر
مندرمین کنورپرپڑی سب نذر   کنور پر نچھاور کیا سیم وزر
ہوا دیکھ دل خوش مہاراجکا   کیا حکم تب رنگ اور ناچکا
منڈیلا لگا ہر طرف باجنی   سگھڑپاترین سب لگین ناچنی

بھگتیا طوایف پھرین ہر طرف ۔ بجی ہر طرف تال مردنگ دف
کنورکی خوشی سب ہوا گھر بگھر ۔ کیا جشن نو روز سارا نگر
کہا راجپتنی که پنڈت سب آین ۔ کنورکی جنم پتری وہ سب بتاین
بہت پنڈت آئی سبہی گیانونت ۔ جنیو تلک دیکی بیٹھی مہنت
کیا بہت سبپنڈتون نی بچار ۔ کنورکی جنمکا کیا سب شمار
بچارا سب اسکا کرمکا لکھا ۔ لکھا تھا کرم میں برھکی بتھا
جنم پتری یون پنڈتون نی کئی ۔ مہاراج کی ہات جاکی دئی
برہمن تھی جتی مہنت استاد ۔ کہا سن مہاراج آسیس باد
کرو گیان پترینی ایسا کہا ۔ که یہہ راجبنسی ہی راجه مہا
عجب راجبنسی ہی چندر سروپ ۔ رکھا نام اسکا کنور کامروپ
مگر ایکدن کا خطر ہی اسی ۔ که صورت کسیکی دل انکی بسی
دوادس برسمین کنور کامروپ ۔ کری بھیکھ اپنا بروگیکی روپ
اسی روپمین دکھ لکھا ہی سو ہوی ۔ بدھاتا نی جوکچھ بدا ہی سو ہوی
مہاراجنی جب سنا یہہ بچن ۔ دساور دو برس ہی کنور پر کٹھن
بچن سنکی راجه فکرمند ہو ۔ کہا کچھ جتن اس بچنکا کرو
کہا پنڈتون نی نہووی بچن ۔ نه اسمین چلی کچھ کسیکا جتن
مہاراج یہہ سنکی تب چپ رہا ۔ کرم چند دیوان نی تب کہا
کنور پر دس اور دو برس ہی نحس ۔ رکھین پاس کنورکو بارہ برس
کنورکی رہین گرد مین ملسبہین ۔ اکیلا کنورکو نچھوڑین کہین
سنا جب کرپچندسی یہہ بچن ۔ کنورکو لگی پالنی اس جتن
دگر چھه مصاحبجو راجه کِتھی ۔ انہونکی جو تھی استری گربھسی
ہوئی سب مصاحبکی ہریک پسر ۔ کنور اور چھون یار ہوئی ہم عمر

رکھا انہ چھون کو کنورکی کنی لگی پالنی سب کتیٔں بھوین منی
بلاکی رکھین دایٔان بیشمار جوگذریدناوردن کرین سبشمار
پلاوین انہین دوده وسواس سی نہوین گھڑی پل جدا پاس سی
دن و دن مہینی گذرنی لگی اسی کنج بھوئن مین پلنی لگی
اسی کن چھون گھرمین بازیکرین اِسی دلکو بازیسین راضی کرین
برس چارکی عمر تک کامروپ ندیکھا پونکونه سورجکی دھوپ

در ذکر تربیت وآموختن علم معه مصاحبان و بازی کردن وشکار نمودن کنور کام روپ در باغ نو احداث

برس پانچوینمین کہا راج پت معلم کنور کو کرین تربیت
معلم بلائی بسن کبیر بطبع ذکی و بعلم دبیر
سرانجام سب لوح زرکا منگا معلمکی آگو کنورکو بٹھا
دیا تختهٔ زر بدست کنور کہا اسکی اوپر کرو تم نظر
کنور اورچھون یار پڑھنی لگی هنر سبکو تعلیم کرنی لگی
پڑھایا کنورکو هنر راجکا یہہ سیکھی هنر هریك اپنا جدا
هوا ایك دیوان دوجا حکیم دگر یك هوا جوهری مستقیم
چهارم هوا پنڈت گیانونت هوا جوتکی بید دان سبگرنت
مصاحب هوا پانچوان چترگر مصور نتہا اسکی ثانی دگر
چھٹها یار اسمین کلانوت هوا هنر علم سب موسقی کا لیا
سب اپنی کسبمین هوئی بیبہا نہووین کنورسین گھڑیپل جدا

برس ساتکا جب هوا کامروپ   پهری سیکلرتا چندرمه کی روپ
منگاوی سواریمین اچپل ترنگ   سواریکرین یار سب ایك سنگ
نگرسین نکل بنمی کهیلین شکار   رهین نت کنور پاس کنورکی یار
کنور جب هوا دس برسکی عمر   پڑا دلمین تب راج پتکی خطر
اندیشه هوا دلمین یهه آن کر   که باهر نگرکی نجاوی کنور
کها اپنی دیوانسی یهه بچن   کنورکی رهنکا کرو کچهه جتن
کها سن کرچند اب یهه صلاح   کنورکو رکهین ریندن در نگاه
کنورپر یهه باره برس جب کتی   بروگی گهڑیکا خطر سب متی
بناؤ نگر بیچ جای شکار   چمن بندی ونقش وباغ وبهار
شکارین چراگاه اسمین کرین   طرح هر طرحکا پکهیرو پهرین
عمارت منقش کرو رنگ برنگ   کنوروهان پهرین یار اپنی لیسنگ
کنور اب نگرسین نه باهر پهرین   اسی باغمین سیل هر دم کرین
کرچند یهه سنکی سب دهیانکر   بدا هو مهاراجسین آنکر
بنایا نگر بیچ جای شکار   محلهای رنگین بهر سو قطار
محلمین چترکی بنی مورتین   پریچورسی سبگهڑی صورتین
محلمین بهر سو کیا نردبان   دسی هر طرن جوی آب روان
جناور پکهیرو پهرین هر طرن   ندا جانور سب کرین هر طرن
شکاری پهرین جانور بیشمار   گوزن وهرن مثل خرگوشوار
کرچندنی باغ تیار کر   کیا تب مهاراج پتکو خبر
مهاراج پتنی کنورکو بلا   بحرت گلی سی لگا کی کها
کنورتم رهواب جهان مینرکهون   نگرسی نه ابدور جاؤ کهون
کنور چل پتاکا بچن مان کر   اسی باغمین عیش وآرام کر

کنور کامنی سنکی تب یہہ کہا — مہاراجکا حکم مجھکو مہا
جہاںحکم ہوئی مجھی وہاںرہوں — نگرسین نہ ابدور جاؤں کہوں
کنورکو مہاراج پت ساتھلی — چھون یار ساتھی سنگھاتی چلی
مندرمین اسی باغکی لیگئی — کنور کامرو تم رہو ہیاں کہی
کنور باغکو دیکھہ راضی ہوا — اسی باغمین مین رہونگا کہا
کنور کامرو باغمین جب رہا — مہاراج تبسی سبھونسی کہا
کنورسی خبردار ہو تم مدام — رہو اسکی مجرمین ہر صبحوشام
مہاراجنی سب کیا یہہ جتن — کنورپر نہ آوی گھڑی وہ کٹھن
بدھاتانی جو کچھہ کرم مین بدا — کرمکی لکھی سی نکوئی سکا
خوشی ہو رہا باغمین جب کنور — گیا تب مہاراج اپنی مندر
کنوریار سب ملکی کھیلی شکار — رہی وہاں کنور کام لیل ونہار
دوادس برسکا ہوا جب کنور — ہوا تب برھکی گھڑیکا گذر
کنور ہرطرف باغمین سیل کر — خوشیھوکی بیٹھا مندرکی بھیتر
کنورکی جنم پتریکی وہ گھڑی — اسیدن مندرمین رہی آ کھڑی
ہوا وقت دو پہرکی تابکا — کیا قصد کنور وہاں خوابکا
محل مین برغبت بچھایا پلنگ — کیا خواب اندر محل بیدرنگ
چھون یار کنورکی چوگرد مین — خبردار بیٹھی چھون گرد مین
جتنسی رکھا تھا کہ باہر نجای — یہی کون جانی کہ سپنی سمای
سبھی گرد چوکیمین تھی باخبر — ولی درہ دلکا نپایا اثر
کنورنی کیا خواب آرام سی — ملا خوابمین جا کلاکام سی

در ذکر خواب رفتن در باغ رانی کلا کام
کنور کامروپ

سنو اب حقیقت برھکی کتھن   کنورکامکی خوابکی یہہ بچن
عجب خواب دیکھا کہ یکباغ ھی   نوای ھمہ بلبل و زاغ ھی
بہر دو طرف سبزهٔ ناز بو   چمنمین بہر سو روان آبجو
گل وسوسن وسنبل ونسترین   بنفشه گل نیلفر یاسمین
درختان پر از میوهٔ مشکبار   بہ تسلیم کنور ستاده قطار
اسی باغمین سیل کرنی لگا   بہر میوہ اش میلکرنی لگا
کنورنی گیا سیل جس باغکا   کلا کام رانیکا وہ باغ تھا
اودہ پورسین تھا بہت دنکیراہ   کنورنی کیا خوابمین سیلگاہ
پھرا باغمین ھر طرف در چمن   سنو اب کلا کامکی یہہ بچن
رھی ایک راجا مہا کام راج   کری سب سراندیپمین راج کاج
اسی کنیا ایک پروارمین   نہایت کلاسی رھی پیارمین
کلا بن نہ فرزند دوجا اسی   نہ اسباغ دلبند دوجا اسی
کری پرورش ناز و نعمتستی   رکھی نت مہاراج الفتستی
مہاراج اوجھل کری پل نہین   کلا بن مہاراجکو کل نہین
سولچھن ھوئی پدمنی پدم انگ   چترسی وچتری رھین ایک سنگ
سگھڑ نار نوجوبنا دن نیا   سکلکی دولاڑی سکل کی میا
کری اچپلی نت مندرکی بہیتر   نہین کاج دنیاسی رکھنا خبر
دو رخسار سوسن دھان مثل سیب   بھرا شہد چاہی ذقن ھی نشیب

سوهانه کلا کنتهه جون کوکلا — کهنجنسی نین هنسکا سا گلا
مر سنگهکی سی چلی کب کهین — نجانی کیت کچهه نه دنیاکی چین
سو لچهن چلی حالجب پگ اتهای — بجبیگمیگهنگهرو محلچهنچهنای
پهری هات مینهدی لگا لال لال — بهری کیس موتی لگا بال بال
دو نینونمین کاجل دئی من هرن — مسی مل کیئ دهن نیلوفرن
نگہہ تیر ناوك دو ابرو کمان — دو پلکان خنجر قاتل عاشقان
رنگیلا برن تنمین تن سکهہ سہات — چلی پهرتینسبسهیلیانسنگهات
سورج دیکهہ صورت سدا تهرتهرا — چندرمه بدن دیکهکرمکه چهپا
سهیلی بسکهی سنگمین جورهین — کلا کام رانی اسی سب کهین
جو یہاں خواب دیکها کنور کامنی — وهی خواب دیکها کلا کامنی

در ذکر دیدن خواب رانی کلا کام
و دوچار شدن نظر کنور کامروپ

کلا کام سوئ تهی اپنی مندر — دسا اسکو سپنا یهی در نظر
سہیلیونکو سپنیمیسب ساتهلی — اسی باغمین سیل کرنی لگی
که جس باغمین تها کنور کامروپ — چمنمین پهری مثل موتی سروپ
کلا کام آئ اسی باغمین — ولیکن یہہ دونو بخود خوابمین
سوار یمین هریك جلودار سبه — سبهی اسمین بولی خبردار سب
کنورنی جلودارسی یہہ سنا — که رانی کلا کام آئ هیا
یہی بات سن دلمین لا وسوسا — کنورجا درختونکی بهیتر چهپا
چمنمین کلا کامنی سیل کر — خوشیهوکی بیتهی مندرکی بهیتر

سہیلی سبھی رنگ گل پیرہن | پھریں سیلکرتی چمن در چمن
چمنیں پھریں ہر طرف مہوشان | یکی با دگر دست گردن کشان
پھرینملکی ہریك گلیسی گلی | کھڑی آ رہیں سب درختوننلی
یکایك کنورکو سہیلیانی دیکھ | سبہی اسمیبولینکہ یھکیا بسیکھ
یہاں مردکا نام یسنا عجب | مگر آج دیکھا کہ یہہ کیا سبب
اسی مردسیں دور رہنا بھلا | بچن کچھ نہ اس ساتھہ کہنا بھلا
یہی سن کلا کام ہووی غضب | کری سبکو تعزیر اسکی سبب
چلو ملکی سب ھکناری رہیں | بلاکی لتا کام سی یہہ کہیں
لتا کام بیٹی تھی دیوانکی | مصاحب رہی نت کلا کامکی
مہا کام راجہ کی دیوان تھا | اسی ایك فرزند پُرگیان تھا
کلا کام کی پاس ہر دم رہی | بچن راز دل ہر دو باہم کہی
سہیلی گئی ایك مندر منی | بچن یہہ کہی جا لتاکی کنی
کہی تم سنو ایك یہاں مرد ہی | نہ یہہ باغ مردونسی بیپردہ ہی
تجھی دیکھکی یہہ تعجب ہوا | درختونمیں بیٹھا ہی وہ مردوا
سہیلیسی جب یہہ لتانی سنا | کلا کامکی وہم سی سر دھنا
مندرسی لتا کام آوی کہاں | درختونمیں بیٹھا ہی کنورجہان
کنورکی شبیہہ پرپڑی جب نظر | لتا کام لٹّو ہوئی دیکھکر
لتا کام انگلی پکٹر دانتمیں | کہی کون لایا تجھی باغمیں
مگر دیو ہی یا پری جنسیات | ویا راج بنسی ہی آدمکی ذات
اتہا سیسبیٹھاہیکیا دیکھ ادھر | کلا کام کی تون نرکھنا خبر
کلا کام جب نام تیرا سنی | جدا بندسی بند تیرا کری
شتابیسی اپنی حقیقت سنا | تجھی کون لایا تجھی تو بتا

ملک کون تیرا تو رهتا کہان   کہو کسنگرسین تو آیا یہان

کنورنی لتا کام سی جب سنا   بچن سن سهم کر رها سر دهنا

کہا نہ پریهون نہون جنیات   مسافر غریبهون مین آدمکی ذات

نہ معلوم هی مجکو هونمین کہان   نجانون مجهی کون لایا یہان

غریبیسی بیٹها کنور در چمن   جو پوچهی توپهرکچهہ نبولیبچن

کنورکی بچن سن لتا کامنی   تب آئی کلا کام کی سامہنی

لتا جا ادبسی کلا کام پاس   کہا سن کلا کام هی التماس

یکی نو جوان طفل غنچہ دهن   کهڑا هی تیری باغمین بیوطن

تیری نامکا اسکی دلمین هراس   درختونمی پهرتا هی بهولا اداس

اگر حکم پاؤن تیری مکهستی   کرون اسکو باهر اسی جاستی

خبر سن کلا کام هو پر خطور   کہا اب اسی وقت لاؤ حضور

کری طیش رانی یهی خوابمین   یہہ نا محرم آیا میریباغمین

سهیلیونکو رانینی تب یہہ کہا   اسی وقت جا کرکی لاؤ کہا

اسی وقت جلاد سبکو بلا   کرو بندسی بند اسکا جدا

سراندیپمین سب کرو یہہ خبر   نہ پهر مردوا آوی دوجا ایدهر

نہ قدرت کسیمین کہی یہہ نکر   نہ طاقت کہی کون مت طیشکر

سهیلی گئی سب کنور کامپاس   لیاوین کنورکو کلا کامپاس

کہا پهر نہ کچهبات کنورستین   اٹهایا پکڑ هات کنورکتین

کنورنی کہا انہہ سهیلیانستی   مجهی لیچلی هو کہان یہانستی

سهیلی کہین تو هی رانیکا جور   لگاوین تیریگلمین پهانسیکا ڈور

بہت یون کہین اسکی زلفین پکڑ   ملاکی درختونمین باندهین جکڑ

مگر دیکهہ رانی سوچی کیا کری   نہ پهر فرد دوجا یہان آپهری

جوکچھ جسکی دلمیں کنورسی کہی — کنور سب سنی سر دھنی چپ رہی
کنور پر عجب وقت آکی پڑا — کری سب سہیلیسی منت کھڑا
مجھی اپنی رانیکنی مت لیجاؤ — مجھی باغکی راہ باھر بتاؤ
سہیلیاں کنورکو بولی بچن — تجھی باغسی اب نکلنا کٹھن
کلا کام رانیکا یہہ مدّعا — کری بندسی بند تیرا جدا
نگرمیں کری ھرطرف یہہ خبر — نہ پھر باغمیں مرد آوی دیگر
کنورجسطرفکو نظر وھاں کری — سہیلی نہ کوئی مہربان کری
نہ ماتا پتا ھواں نہ ساتھیکی یار — تب آنسو کنورکی چلی زار زار
سہیلیاں کنورکامکو ساتھہ لی — لی آئیں کلا کامکی سامھنی
کیا جسگھڑی لا کنورکو کھڑا — کرمکا لکھا تھا وھی آ پڑا
کیا بہت ماتا پتانی جتن — گھڑی وہ برھکی نہ آوی کٹھن
وہ اچھر کرمکی مٹاوی نہ کوئی — کرمیں بدھاتا لکھاھی سوھوئی
کنورکو بلاکرکھڑا جب کیا — کرمکا لکھا آ برابر پڑا
کنور پھر نظر دیکھہ رانیکا روپ — گرا بیخبر ھو کنور کامروپ
کلا کام کنورکنتیں دیکھہ کر — بچن اسکی منکا گیا سب بسر
فکر تھی کنورکو کری بند وبند — برھنی کلاکو کیا بند و بند
کلا کام مرجھا کی منمیں رھی — کنورکی شبیہہسی بسرسدہ گئی
لگا عشقکا تیر دونو کنتیں — ھوا عشق زنجیر دونو کنتیں
کلا کام تب اٹھکی آئی کہاں — کنور بیخبر ھو پڑا ھی جہاں
پتنگا گری آن دیپک منی — عجب دیپک آیا پتنگا کنی
کلانی کنورکو بغلمیں پکڑ — اٹھا کر گئی لی مندرکی بھیتر
عطریات عنبر دگر مشکناب — سنگھایا سگند اور چھڑکا گلاب

کنور اٹھکی رانیکنتیں دیکھکر   گرا بیخبر ہوکی باری دگر
کنور جب ہوا ہوشمیں پھر تنک   لگا تکنےکی پھر نہ ماری پلک
کلا کام دیکھا کنور کام کو   کنور کام دیکھا کلا کام کو
بہر دو طرف تکنےکی لگ رہی   نہ تنکی نہ منکی انہیں سدہ رہی
یکایک کلا کام بولی بچن   کہ تو کون تیرا کہاں ہے وطن
کنور کام بولا کہ سن ای پری   تریعشقنی تنسی سدہ بدہ ہری
پتا راجپت ماتا ہے سندر روپ   رکھا نام میرا کنور کامروپ
نگر ہے اودہ پور رہتا وہاں   نجانوں مجھی کون لایا یہاں
بچن سنکی رانی بغل گیر ہو   کہا اب نکچھ دلمیں دلگیر ہو
میری ساتھہ رہ اسمندرکی بہیتر   خوشیسی رہیں ہردو بایکدیگر
کنورنی کہا یہہ ملک کون ہے   پتا کون تیرا ہے تو کون ہے
کلا کامنی سنکی بولی بچن   کہا سن یہی دیس میرا وطن
کلا کام میںہوں پتا کامراج   کری نت سراندیپمیں راج کاج
کنورکام یہہ سن بچن چپ رہا   کلا کامنی جو کنورسی کہا
کلا کام کنور ملی خوابمیں   گری ہر دو ملکی برہ تابمیں
کنور اور کلا ملکی باچا کیا   یہی قول دونونی ساچا کیا
نجاوی کنور پھرکی اپنا نگر   رہیں ملکی یہاں ہردو بایکدگر
یہی قول دونونی مضبوط کر   ہوئے ہردو معشوق عاشق نظر
کلا کامنی جام رنگیں لیا   زدست محبت کنورکو دیا
کنورنی ادبسی پیالہ لیا   خوشی ہو برہکا پیالہ پیا
کنورسی ہوا نیہکا سب بچار   کلانی کہا تب لتاسی پکار
بلا پاترونکو کریں رقص سب   کنور کا تماشا دکھاویں عجب

لگا تال و مردنگ سب باجنی | سگھڑ پاترین سب لگین ناچنی
برن ہر برنکی پہر ساریان | لگا ہاتھ مینہدی پہرین ناریان
جھلکتی پہرین چند گیتی آبہا | سبہی پاترین تھین اندرکی سبہا
پہرین پاترین یکسی یک خوبتر | کنورنی ندیکھا کہین نین بھر
برہ ایک ہی ایک کو دیکھکر | نہ پہر دوسریکا رکھا کچھ خطر
رکھا تھا جو رانیکی اوپر نظر | کلا بن ندیکھا نظرسی دگر
کلا کام ہر دم کہی راز ناز | رکھی کام کنور دل اپنا نیاز
بہت عیش وعشرت کیا درحضور | ولیکن یہہ دونو رہین دور دور
گھڑی دو ہوا انمین راز و نیاز | ہوا دلمین مضبوط عشق مجاز
بیخودعیشوعشرمین تھی بیخبر | ہوا تب برہکی بنتہا کا گذر
کرم مین لکھا تھا برہکا بچن | برہ یہہ ہوا اب کنورپر کٹھن
خوشی کی گھڑی سب معطل رہی | یہہسدہ بدہ بسرنیکیساعتبہی

در ذکر بیدار شدن کنور کام روپ
از خواب و فریفتہ شدن وخاموش شدن

کنور کام سینیمین کہتا بچن | عجب عیشمین تھا کہ کھولا نین
اٹھا نیدسی جب کنورکام روپ | ندیکھا سبھا اور نہ رانیکا روپ
کنورنی کیا جسطرفکو نظر | وہی باغ اپنا وہ اپنا مندر
کلا کی لگن دلمین اسکی بہری | جمال اس پریکا نظرمی بہری
کری یاد ہردم جو وہ کچھ سنا | نہ دلمین رہا یاد صورت بنا
نشان نام دلسی گیا سب بسر | شباہت رہی دلمین نقش حجر

کرا بھویمیں افسوس کرنے لگا   سدہ اپنی بدنکی بسرنی لگا
گریبان کیا چاك رونی لگا   مکھہ اپنیکو آنچھونسی دھونی لگا
چھون یارچوگرد چوکیمین تھی   کنورکو اٹھا کر سبھونّ کہی
کنورپر کسینی سحر کچھہ کرا   و یا کچھہ نظر دیکھہ سینی ڈرا
کنور کچھہ نبولی نہ کانون سنی   دو نینونسی آنسو چلی سر دھنی
کیا پارہ پارہ سبھی پیرھن   نہ گھٹکی رھی سدہ نبولی بچن
مہا راج پننی سنا یہہ خبر   شتابی سی آیا کنورکی مندر
کنورکو جو دیکھا تو بیہوش ھی   کرا عقل و سب کھوکی میئوش ھی
پتا ھاتھسی ھات ماری کھڑا   کنور کامروکو پکاری کھڑا
پکاری کہی یہہ کھڑا ھی پتا   کنور اپنی دلکا مرم کچھہ بتا
کنور کامکو کچھہ نہ تنکی خبر   نہ اپنی پتا کی بچنکی خبر
نکچھہ مکھسی بولی نہ کانون سنی   دوآنکھونسی آنچھوبہی سردھنی
کیا عشقنی جب کہ دلمین گذر   نہ اپنی نہ ماتا پتاکی خبر
بمنت سبھونسی کہی راج پت   ھماری کنورکو نہ کچھہ ھی سکت
نگرکی سیانی سبھونکو بلاؤ   ھماری کنور کام کو کچھہ بتاؤ
ھماری کنورکا کرو جو علاج   کرون یہہ اودہ پور اسکا خراج
سندرروپسی جا کہا یہہ خبر   کنورنیدمین تھا ھوا کچھہ اثر
خبرسنکی ماتا بلکنی لگی   پٹك سیس رو رو سسکنی لگی
کنورھی کہان کہہ مندرسی نکل   گیئی دھائی ھوکر کنورکی محل
کنورکو جو دیکھی تو مجنون ہرن   بھری سانس ھردم نبولی بچن
اٹھی ھات رخسارپر مار کر   رخ ارغوانی کیا نیلفر
سر نازسی گیسوی نازبو   کیا سب پریشان پراگندہ ھو

پٹنک سیس رو رو کہی ہر گھڑی — کنور کچھ بچن بول ماتا کھڑی
نہ ماتا پتاسی بچن کچھ کہی — دھنی سیس افسوس کر چپ رہی
کہ دانا و نادان بہت آنکر — سیانی بھری سب کنور کی مندر
کہیں دیکھ ساری طبیب اور مشر — اسی خون فاسد ہوا در جگر
نگرکی سبہی جنتری منتری — سحر اور نظرکی فکر سب کری
بہت پنڈتوں کیا دھیان سب — کہیں ہے گرہ کچھ کریندان سب
برہمن بچن سب کریں شیو کا — کہیں اسکو سایہ ہوا دیو کا
مخادم و ملّا کئی سب نظر — دیا عالم جن گاہے گذر
نہ ملا کی تعویذسی کچھ ہوا — نہ سیانونکی تدبیرسی کچھ ہوا
مکمل عملدار لائے بُلا — ولی کچھ نہ مطلب کنور کا ملا
سبہوں کہا اپنی کھتا — ولی کچھ نپایا کنور کا بتھا
نہ وہاں کام آیا کوئی منتری — نہ پنڈت نہ ساحر کوئی جنتری
بنا ان پانی ہوا تین دن — کسی نی نپایا کنور کا بچن
سیانی نظر کر سکل پھر گئی — مترچند کنور اکیلا رہی
کنور کا مترچند دیوان تھا — بہر علم تدبیر گیان تھا
مترچند نی تب خنجر ہات لی — اٹھا کر رکھا ہات اپنی گلی
کنور سی کہا کہہ بچن مجھسی راس — سبب کیا ہے کیوں دل کیا ہے اداس
تظاہر میں دکھ درد ہے در نظر — مگر نیدمیں کچھ ہوا ہے اثر
خوشی سی کچھ بات ملتی نہیں — کہی بن گرہ دلسی کھولتی نہیں
جو بیتی ہے تجھپر بتا سب مجھی — بچن دلکی اپنی سنا سب مجھی
کنور توں اگر کچھ نبولی بچن — کروں دچھنا سیس تیری چرن
کنور کامرو سنکی اسبات پر — رکھا ہات دیوانکی ہات پر

کہا تب مترچند دیوانسی کہوں کیا بچن میں تجھ انجانسی
کیا خواب اپنی مندرکی بھیتر گیا یہانسی دل میرا دیگرنگر
اچھا باغ دیکھا محل خوب تھا اسی باغمیں ایک محبوب تھا
برن ہر برنکی سہیلی سنگھات کریں اچپلیسی سب اپسمیں بات
میری پاس بیٹھی تھی چندربدن کیا دلمیں میری اسی نی وطن
مترچند بولا کہ وہ کون ہی پتا کون اسکا نگر کون ہی
سنوں میں نگرنام اسکا اگر لیاؤں اگر ہووی آکاس پر
کنورنی کہا نام اسکا نگر سنا تھا سومنسی گیا سب بسر
مگر نام اسکا بتایا مجھی خوشیمیں نکچھ یاد آیا مجھی
بسارا بچن سب جو اسنی کہی مگر یاد صورت پریکی رہی
کنورنی مترچندسی جب کہا مترحندنی سنکی حیران رہا
کہا سن کنوردلمیں اپنی سمجھ مندر بیٹھ اپنی بدھاتا کو بجھ
بچن بولکی مکھسی جلپان کر ملی جسطرحسی کروں وہ فکر
مترچندنی تب فکر یہہ کیا بھنڈارا سدابرت پھرمن کیا
کیا حکم پردیسکی سب بلاؤ مسافرجو آویں بھنڈاریمیں لاؤ
مسافرجو آویں کسیدیس سیں کہو اسبھنڈاریمیں آکر بسیں
بدیسی بھنڈاریمیں جو آرہی بلا کر مترچند اسکو کہی
کہانی کوئی تجکو آوی اگر ویا ذکر کوئی پتریگا مگر
چلو پیش کنورکہو دو سخن کنور کام کانوں سنی وہ بچن
بچن سن کنورمکھسی بولی اگر اس اوپر نچھاور کروں مال و زر
مترچند هریك بدیسیکو لا بتھاوی کہی سن کنور یہہ کتھا
کنور پاس بیٹھی رہیں رات سب بدیسی مسافر کہیں بات سب

کنور کام ہرگز نبولی بچن　　دو نینونسی آنسو چلی ریندن
رہی نت دو نینومین آنسو بھرا　　نہ کچھ کام رونیسی تھا دوسرا
منترچندکا نت یہی کام تھا　　بدیسی کو لاکی سناتا کہتا
رہی یہہ حقیقت کنور کامکی　　بتھا اب سنو وہ کلا کامکی

حقیقت بیدار شدن کلا کام رانی از خواب وخسته شدن بفراق کنور کامروپ

کلا کام نیدسی اٹھی جسگھڑی　　اچانک کری سوچ منمین پڑی
چہون اور دیکھی مندر دھیانکر　　نہ وہ باغ دیکھی ندیکھی کنور
اچنبھا ہوا دیکھہ رانی کتئین　　کری یاد جیمین کہاتی کتئین
منی منمین کرتی رہی پیچتاب　　کہی ریسیانی یہکیسیتھی خواب
کرم مین لکھا تھا برھکی خنجر　　نہ محرم ہی جسی کہی یہہ ذکر
اگن عشقکی دلمین پلنی لگی　　بنا تیل باتیسی جلنی لگی
کلا کام رانی تھی نازک بدن　　کنورکی برھسی ہوئی چھینتن
دو نینونسی آنجھو ابلنی لگا　　سکل ھاڑسی مانس گلنی لگا
برھنی کیا ارغوان رنگ زرد　　بھری سانس ہردم کری آہ سرد
نبولی کسی سین نہ مکھسی ھسی　　کنورکا بچن سب وہ منمین بسی
برھکی لہرمین رہی نت پڑی　　دو آنکھیان رہی نیرسی نت بھری
بنا ان پانی ہوئی چھین تن　　برھنی کیا اسکو نبلا برن
مہاراج رانی کنئین دیکھہ کر　　بلایا نگرکی حکیم اور منتر
حکیم اور منترنی کیا سب دوا　　نہ اسکو اثر کچھہ دواسی ہوا

دو نینونسی آنسو چلی زار زار | پیا آ ملین اور کہین یار یار
رہا سال بھرکی یہی دنوریسن | نہ آرام پاوی گھڑیپل نہ چین
برھکی آگنسی جلی سر بسر | کلا کامنی تب کیا یہہ فکر
نگر بیچ رانیکی مٹھ تھا بڑا | کہین جسکو ہر دوارکا دیوھرا
رہی ایك اسمین گرو شیو کا | کری راج پوجا اسی دیو کا
کیا دھیان رانی کلا کامنی | کہون جا بتہا شیوکی سامہنی
یہی دھیان دھردلمین آوی کہان | ہری دوار کا دیوھرا ہی جہان
اسی مٹھمنی ایک بامن رہی | سمت نام اسکا نگر سب کہی
وہ بہمنکو رانینی بہیتر وکہا | رہین اور سب مٹھکی باھر کہا
کلا کام باھمن رہی دو جنی | رہی دیو ہر دوارکا پوجنی
جولائی تھی پوجمین سب رکھہ دیا | کھڑی ہوکی رانینی پوجا کیا
کہی پوجکی ہرکی آگو بچن | کہ ای ہرکنورسی ملون کسجتن
کنور جو ملی پھرکی پوجا کرون | ملن بن کنورکی نپھرھیان پھرون
وہ باھمنی یہہ سنکی رانیکو دیکھہ | کہا سن کلا کام یہہ کیا بسیکھہ
کہان ہی تیرا روپ اور رنگ وہ | کہان وہ بچن ہی کہان انگ وہ
جو بیتی ہی تجپر بتا سب مجھی | مین اسکا مرم سب بتاؤن تجھی
بتہا اپنی منکی جو مجھسی کہی | گھڑی پل نہ وہ کام تیسرا رہی
کلا کام بہمن کتین دیکھکر | کیا خواب اپنیکی اسکو خبر
جو سپنی مین دیکھی کلا کامنی | بچن سب سمتکی کہی سامھنی
کہا جسطرحسی کنورکو لیاؤ | کلا کام کو تسطرحسی دکھاؤ
بچن اسگھڑیکا کیا سب بیان | کنور کامکی خال خطکی نشان
کلا سی بچن سن سمتنی کہا | کہانکا ہی کس دیسمین وہ رہا

مجھی نام اسکی نگر کا بتا — ویا نام اسکی پتا کا بتا
مگر نام اسکا اگر سنّی پاؤں — گگنپر بتاوی تو جاکر لیاؤں
کلانی کہا نام اسکا نگر — سنا تھا سو دلسی گیا سب بسر
چندرمہ سی صورتمین دیکھا اسی — وہی ریندن منمین صورت بسی
رکھا ہاتپر ہات باچا کیا — میری ہاتکا جام شربت پیا
عجب عیشمین تھی کھلی جب نین — نہ وہ باغ دیکھا نہ وہ گلبدن
وہی صورت اسکی مجھی یاد ہی — اسی دنسی مجھ دلمین بیداد ہی
یہہ سینا ہوا دکھ مجھی سر بسر — نہ محرم ہی جسی کہون یہہ ذکر
مگر آج بولی ہون تجسی بچن — پروہت ہو میرا کرو کچھ جتن
برہمن بچن سنکی سب دھیانکر — کہا جا مندر بیٹھ جلپان کر
پھرون دیس پردیس جتانکر — نگری پھرون سمندر در مندر
برن جس کنورکا بتائی مجھی — وہی راج بنسی ملاؤن تجھی
کلانی کہا سن یہہ میرا بچن — کرو کچھ کنورکی ملنکا جتن
تو برہمن میری پاس کنورکو لیاؤ — وہ صورت کنورکی مجھی تو دکھاؤ
پروہت تون میرا مین رانی کلا — اری ای پروہت کنورسی ملا
یہی کہکی دیکی گرہ لت کتئین — کلا کام پھرکی چلی مت کتئین
وہ برہمن بدا ہو کلا سی چلا — نظر بھرکی دیکھا کنور جو ملا
وہ برہمن نگر چھوڑ اپنا وطن — چلا وہان جہان ہی کنورکا وطن
وہ برہمن پھری دیس پردیسمین — نپاوی کنورکو کسی دیسمین
وہ برہمن پھرا ڈھنڈھتا سب کہون — نہ کچھ کھوج پاوی کنورکا کہون
وہ برہمن پھرا سال بھر رین دن — کلا کی کنورکا نپاوی وطن
وہ برہمن بہت دن تلک سیر کر — بہت پھرکی آیا اسی دیسپر

وہ بہمن تب آیا اسی دیس پر　　کہ جس دیس میں تھا بیوگی کنور
وہ بہمن تب آیا اودہ پور میں　　اودہ پور گورکھکی دستور میں
وہ بہمن سدا برتمین آ رہا　　مسافر بدیسی ہون بہمن کہا
کہا سبنی آ بیٹھ جلپانکر　　رسوئیکو سیدھا دیا آنکر
رسوئیسی فارغ ہوا جب سمت　　گیا لی مترچند کنورکی ہت
نہ وہاں کوئی بہمنکو پہچانتا　　کنورکو نہ بہمن سمت جانتا
کنورکام روکا وہی حال تہا　　دو نینونسی آنجہو بہا تہا سدا
بٹھایا کنور پاس بہمنکتئین　　کلا کام کنور ملاؤن کتئین
وہ بہمن نی بولا کہو کیا کہون　　ذکر آدمی یا پریکا کہون
کنتہا اب کہون کون کس دیسکی　　اپن دیس یا دیس پردیسکی
مترچند بولا جہان تم رہو　　کنتہا اپنی اپنی نگر کی کہو
سمتنی کہا مین ہون ہردوارکا　　نگر ہی سراندیپ اس دوارکا
سراندیپ کا نام سنکی کنور　　گرا ہوکی بیخود ہوا بی خبر
کنور جب ہوا سدھی بولا بچن　　سراندیپ ہی اسپریکا وطن
مترچند دیوان ہوکی سچیت　　کہا کچھ بچن اور بولو سمیت
وہ بہمن نی بولا بچن دھیانکر　　مہا کامراج اس نگرکا چہتر
کنور نام سنکی ہوا ہوش پر　　کہا سن مترچند اب گوش کر
پتا ہی پریکا وہی کامراج　　سراندیپمین سب کری راجکاج
وہ بہمن نی دیکہا کنورکی بتہا　　کہا سب کلا کی مرہ کا کہتا
کہا ایک رانی ہی جون مہر وماہ　　کلا کام مین نام اسکا رکہا
کلا کام کی نام سنکی کنور　　بہرا سانس بیسدہ ہوا بیخبر
ہوا سدھین بولا یہی نام ہی　　یہی نام اسکا کلا کام ہی

کلا کام کہکی بلکنی لگا | دو نینونسی آنجھو ڈھلکنی لگا
ہوا جب کنور سدھین بولا بچن | سمتسین سنا سب کلا کی بچن
جو سپنی مین دیکھی کلا کامنی | کہا سب کنور کامکی سامہنی
کلاً کام سوئی تھی اپنی مندر | ہوئی نیدمون سر بسر بیخبر
گئی باغین سیل کرنی کتئین | برھکی بتی ہوکی جلنی کتئین
کلا کام سپنیمین سب سیل کر | خوشی ہوکی بیٹھی مندرکی بھیتر
سنا یہہ خبر مرد ہی باغین | دل اسکا ہوا جوش کہا داغین
سہیلیکون بولی ابہی جا لیا | کرون بندسی بند اسکا جدا
سہیلی پکڑ کر لیائی اسین | کلا کامکون لا دکھائی اسین
کلا کام نی وہ کنور دیکھکر | ہوئی مبتلا اسکی صورت اوپر
کلا کام رانیکو وہ دیکھکر | گرا ہوکی بیسدہ نہ گھٹکی خبر
کلا کام رانی نی تب آنکر | نظر بھرکی دیکھی اسی دھیانکر
اسی سدہ مین لاکی بٹھا سامہنی | کیا اسّی باچا کلا کامنی
تب آپسمین ہو جام عشرت لیا | خوشیسی برہ کا پیالہ لیا
اٹھی نیند سپنیسی چونکی کلا | نہ وہ باغ دیکھا نہ وہ جا ملا
اسی دنسی رانی ہوئی بیقرار | دو نینونسی آنجھو چلی زار زار
تجہی بھوکھ اور پیاس بوری یہی | ہوئی چھینتی آہ سردی یہی
کسیسین نبولی نہ مکھسی ہنسی | جو سپنیمی دیکھی سو منمی بسی
بہت دن کسیسی نبولی بچن | ہوا رنگ پیلا یہی چھینتن
رکھی رہن دن نیر نینونمین بھر | اسی دکھمین روتی رہی سال بھر
تب اس متمین ہردوار کی آنکر | دکھ اپنا کہی مین سنا کان دھر
مین پوچھا یہہ رانیسی سنکی بچن | کلا کہہ کیا بیتی تجھیر کتھن

کہان ہی تیرا روپ اور رنگ وہ ۔ کہان وہ بچن ہی کہان انگ وہ

مجھی جو کہی بات باور کرون ۔ اسی باتپر مین نچھاور کرون

یکایك دل اسکی مین آیا یہی ۔ که اپنی کتھا سبکو مجسی کہی

کہی مجکو مت ستّی آ کو بُلا ۔ جو سپنیمین دیکھی ہون لاکی ملا

کلا کامکی جب سنا سب بتہا ۔ کہا مین مجھی نام اسکا بتا

کلانی کہی مین بہت دھیان کی ۔ رہی سدہ نه اسکی نگر نام کی

بچن کچھ نه اسکا رہا کانمین ۔ مگر صورت اسکی رہی دھیانمین

اگر تو ملاوی کنورسی مجھی ۔ کنوربن جو مانگی سودیوئن تجھی

کہی کھوجکر لیاؤ ملیجسطرح ۔ گیئی پھر مندر لتکی دیکی گرہ

اسیدنسی پھرتاہون اسبہیسمین ۔ نگر در نگر دیس پردیسمین

بھٹك کی بہت دیس آیا ایدھر ۔ اودہ پور پایا بروگی کنور

کلانی مجھی جو بتائی شکل ۔ وہی شکل دیکھا کنورکو اصل

کنورکامنی سنکی اتنا کہا ۔ بچن سب برھن نی میرا کہا

یہہ سپنامیندیکھاھونجسد نستی ۔ بسرتا نہین ہی میری منستی

خوشی ہو کنور مکھسی بولا بچن ۔ کہا چل ای بہمن کلا کی وطن

ملك مال چاہی سو دیوُن تجھی ۔ کلا کامکی دیس لی چل مجھی

منترچندنی سنکی سکل دھیانکر ۔ کہا تب مہاراجکو آن کر

مہاراجنی سنکی سب یہہ بچن ۔ کہا یہہ ہوا دکھ برھکا کٹھن

کیا سوچ منمین فکرسی رہا ۔ بلاکی کنورکامسی یہہ کہا

کنورراج بیٹھو کرون مین جتن ۔ لکھون مین مہاراجسی یہہ بچن

وہ راجه سراندیپکا کامراج ۔ مجھی ہی اودہ پور گورکھکا راج

مہاراج دیوی کلا کام کو ۔ لیاؤن مین تیری دلارام کو

کنور کامنی سنکی بولا بچن — تجھی اب اودہ پور رہنا کٹھن
مہاراج سی یہہ نہوئی فکر — نہ یہہ صبر مجکو ھی جاوین دیگر
مجھی عشق لیسا یہہ مضبوط ھی — کلا کامکا نانو مجھی قوت ھی
بدھاتانی جو دن جنمکا دیا — بروگی کلا کی درس کا کیا
تجی جگکو جوگی پھرین چار تن — درس بن بروگی تجی سار تن
نہ اب رینڈن کچھ سہاوی مجھی — کلا کامکا نام بھاوی مجھی
پتا سی کہی دی مجھی حکم آج — سمت لیکی جاؤن جہان کام راج
سراندیپ دیکھون نگر یارکا — کرون ڈنڈبت جاکی ھردوارکا
نکچھ سدہ برن کی نکچھ گاتکی — کنورکو لگی جب ایسی باتکی
کنور اب نہ چنگا رھی ریندن — تڑپتا رھی نت کلا کامنی
کلاکو ملاؤ یہی نت کہی — یہی جب کنورکو لگی نت رھی
بنا ان پانی رھا ھاڑ چام — جپی مکھسی ھر دم کلا کام نام
کنورکی رھلکا کیا سب جتن — نہ مانا کنورنی کسیکا بچن
مہاراجنی سوچ کی دھیانسی — کہا تب کرچند دیوان سی
بسرہ کا ھوا روک اسی لا دوا — سراندیپ اسکو دکھانا ھوا
جنم بھرکی لاگی اسی یہہ لگن — نہ اب اسگھڑ پیرچلی کچھ جتن
نگر مین بنا باغ اسمین رکھا — ھوا جو کرم مین بدھاتا لکھا
سمتنی حقیقت کہا راہ کی — کہ جسمین ملی راہ بنگاہ کی
جنگلپر چلی تو چھہ مہکی راہ — تریسی چلی تو لگی ایک ماہ
مہاراج بولا مہینیمین جائی — سراندیپ سی پھر مہینیمین آئی
کنورکو یہی راہ جانا بھلا — سراندیپ اسکو دکھانا بھلا
بہت لوک کنورکی شامل رھین — سمت اور چھہ یار سب ملرھین

کنورسین کلا کامکا بسیاہ کر　　پھرین پھر شتابیسین اپنی نگر

کرچند نی سنکی تب دھیانکر　　تردد سفرکا کیا آن کر

دیا خیمہ خرگاہ کنورسنگ سب　　دیا اسپ ھر قسم ھر رنگ سب

سفرکا سب اسباب کرکی تیار　　کنورکو دیا مال و زر بیشمار

فکر کوچکی جب کنورنی کری　　بلا پنڈتونکو سو ساعت دھری

کنورنی کہا اب شتابی کرین　　مہاراج آگیان بداکی کرین

کہین اب اودہ پورسی مین چلون　　سراندیپ جاکی کلا سی ملون

کہا سیس دھن راجپتنی بچن　　کنورکی رھنکا کیا سب جتن

نکچہ کام آیا جو منمین رکھا　　ھوا سب کنورکی کرمکا لکھا

پتانی کنورکو بدا جب کیا　　مندرمی سندررویکی تب گیا

کنور جب سندررو لگا پاس جا　　بدا دی مجھی آج ماتا کہا

شگنسین چلا ھون مجھی دیبدا　　دیا کا بچن یاد راکھو سدا

سندرروپنی تب کنورسی کہی　　ھماری نینکا اجالا تو ھی

کنورھم تجھی دیکھ جیتی سدا　　جنم اب سکل دکھمین بیتی سدا

کنور تم بنا ھم رھین اس نگر　　تجین یہ بدن سب تجین یہ مندر

کنور تم چلی دیس پردیسمین　　رھین کسطرحسی ھم اسدیسمین

کنورھم کٹھن دکھسی پایا تجھی　　ھنبیرمیا کچھ نہ آیا تجھی

کنورتم چرن جبسی جگمیر رکھا　　نینسین نہ اوجھل تمہین ھم رکھا

کنور کب ملیگا بچن تب کرین　　کنور بن کرمکا لکھا دکھ بھرین

کنورکو بہت کچھ سندررنی کہا　　نمانا سندرکا کنورنی کہا

کنور پھر کی ماتاسی بولا بچن　　مجھی نت رھی یہ تمہاری چرن

کھترا جب تلک بھوبنپرا آکاس ھی　　تمہاری چرنکا مجھی آس ھی

تون ماتا بدا دی مجھی اب چلون　سراندیپمیں جا کلا سین ملون
سندرروپ نی جب گلیسی لگا　بھری سانس روکی کنورسی کہا
تون جاتا ھی ماتا کتین چھوڑکر　کنور پھر شتابیسی پھرنا ایدھر
بلکلکر سندرروپ نی تب کہی　لیاؤ کنورکی شگن کی دھی
دھی لیکی ماتانی ٹیکا دیا　شگنسی کنورکو بدا تب کیا

در ذکر عزم نمودن سراندیپ
کنور کامروپ معه همرهان و مصاحبان
که همنشین بودند

کنورنی کیا کوچ اوده پورسون　چلا تب خوشی ھو سراندیپکون
چھون یار کنورکی باھن سمت　یہہ ساتون رھی ملکی کنورکی ھت
دگر اور جو لوگ شامل رھین　کنورسی خبردار سب مل کہین
کنورکو کیا بیچمین لیچلی　سراندیپ جاتی ھین کہتی چلی
کنورکو خبر کچھہ نه دن راتکی　اسی ھی وھی دھن اسی باتکی
کنور تب برھمنسی بولی بچن　کلا کام کا اب کہان ھی وطن
کنور کچھہ نه آرام پل چھن کری　کلا کام کا نام سمرن کری
کلا کام کا نام بہاوی اسی　کلا بن نکچھہ یاد آوی اسی
چلا کوچ درکوچ جلدی کنور　گیا چند مدتمین مچھلی نگر
کری راج مچھلیمین راجه کرن　دھرم پنمین وه تو رھی دکھہ برن
کنورکو گیئی لیکی مچھلی نگر　کرنسی کہا تم کرو کچھہ فکر
کرن نی بلا کر کنورسی کہا　سمندر ھی آگو کنور اب نجا
یہی ره سمندر ھی دریای شور　ملامت بہت ھی خطر تہور تہور

کنور یہانسی جا پھرکہ اپنا نگر — نہ اسرا ھکا دھیان کچھ دلمینکر
کرن نی کہا سب کنورنی سنا — بلکلکر کلا کام کہہ سر دھنا
کنورنی کہا اب نکچھ گیان ھی — سراندیپکی راہ کا دھیان ھی
برھکی سمندر ھی جسگھٹ بھیتر — اسی اس سمندرسی ھی کیا خطر
مجھی اب نہ گن گیانکا ھی پتا — سراندیپ کی راہ مجھکو بتا
کرن نی جو دیکھا کنور ھی بروگ — سمجھکی کہا یہہ برہ کا ھی روگ
اسی دکھہ برہ کا ھوا لا دوا — کلا کام کا درس اسکا دوا
سراندیپ اسکو لیجانا بھلا — کلا کام اسکو دکھانا بھلا
کرن نی کنورکو دیا تب جہاز — دیا راہ کا سب سرانجام ساز
سفر کا سرانجام کرکی تیار — جہازونکی اوپر ھوئی سب سوار
سفر کا کیا سب سرانجام ساز — چلی دیسمجلیسی کھلکی جہاز
جہازونکی لنکر اٹھا کی لئی — اٹھا بادبان سب چڑھا کی لئی
جہازون کھلی سب چلی تیرسی — چلی سب سراندیپ تدبیرسی
سراندیپکی راہ سبنی لئی — چلی راتدن پھر نہ لنکر کئی
کیا تب بہتدنمین راہ دراز — سراندیپکی پاس پہنچا جہاز
سراندیپ جب سبکو آیا نظر — برھن نی بولا کنور دیکھہ ایدھر
کلا کامکا اب یہی ھی مندر — یہی دیہرا ھی یہی ھی نگر
مہاراج ھی دیسمین کامراج — کلا کامکی پاس اب تون براج
کنور کام یہہ سن ھوا شاد شاد — کہین سب مبارك کنور باد باد
کرین ملکی آپسمین یہہ مصلحت — نہ اسدیسمین ھم رھینگی بہت
کلا سی کنور کامکا بیاہ کر — خوشی ھو چلین پھرکی اپنی نگر
اسی دھیانکی گیانمین تھی سبھی — یکایك یون سامنہی آ بہی

داستان شکستہ شدن جہازان در سمـنـــدر و ہلاك شدن یاران و غــیـــره

هوا باد طـوفان جـب زورسی | یہی سب سراندیـپکی اورسی
هلوری سمندر کی لـگنی لگی | جہازوںمین هریك ہلکنی لگی
سمندرنی کتنی جہازونکتئیں | حوالی کـیا لہرکی سبکـتیں
لہرنی کیا مار ٹـکری جہاز | نہ کچھ وهان بهروسا مگر بینیاز
جہازان هوا سب لہرسی جـدا | کنور پر پڑا دکھ کـرمکا سدا
جہازان سبہی پاره پاره هـوئی | سمـنـدرمین هریك آواره هـوئی
جتی لوگ تهی ساتھ سب مل بہی | نہ کوئی کسوکو خبر وهان کہی
چهون یار بہمن سمت اور کنور | یہ آٹهون رهی ایك تختہ اوپـر
سمندرکی لہرونمین بہتی پهریں | کلا کام کا نام کہتی پهـریـں
فـکر اسکو ایـســا کلا کام کا | ننہا دهیان کچھ اپـنی آرام کا
سمندرنی تب لہر ایسا لـیـا | کہ تختہ کنتین آٹھ ٹکرا کیا
یہ آٹهون جدا هوکی هریك بہی | سمندرکی نزدیك چپ تك رهی
سمندرمیجب یہ هوئی تهور تهور | نہ وهان تهاہ پاوین نہ پانیکا اور
یہ هریك سمندرمین بہتی چلی | کنور اب کہان روکی کہتی چلی
کنورکا سمندرمین تختا پهری | کلا کام کا نام کہتا پـهری
سمندر سی کنور نڈرتا کبهی | کہان هی کلا کام کہتا یہی
بره کی سمندرمین جو نت پڑی | سمندر کهڑا اسکی سبوا کری
بره کی لہر جسکی دلمین بهری | سمندرکی لہرونسی وه کیا ڈری

بره جسکی دلمین ابلتا رہی — پون جل سبھی اسّی ڈرتا رہی
سمندرمین تخته پهرا جون پتنگ — بجز ذات واحد نه دوجیکا سنگ
سمندرمین تخته پهرا چند یوم — ملا کچھ نه بهوجن نه آرام نوم
یکایك سمندرمین آیا لهر — لگا آکی تخته کناری اوپر
کنور اٹھکی پانیسین اوپر هوا — کرمکا لکھا دکھ کنور پر هوا
جو دیکھی تو جنگل بیابان هی — نه وهان ذات آدم نه حیوان هی
کنور بیٹھکی دو گھڑی دم لیا — اٹھا تب چلا جنگل آگی گیا
هوا پگسین مانده نه وهانچلسکی — کلا کام کا نام بیٹھا بکی
کنورکام جنگلمین بن بن پهری — کلا کام کا نام سمرن کری
هوا جنگلی پهل کنو کا ادهار — جنگل بنمین روتا پهری زار زار
درختونمین هرسو پهری جا بجا — نه وهان راه پاوی نه پاوی دسا
جنگلمین پهری شام لگ بهورسی — رہی رین ساری درختون تلی
بره بن نه هوان دوسرا یار تها — کلا کام کا نام آدهار تها
کنور هوکی جنگلمین آگو چلا — تب آگو اسی راج تریا ملا
پهرا تها کنور ایك دن سیر کر — جو دیکھی تو هی باغ اس جاپر

حقیقت گرفتار شدن کنور بدست
تریا راج و حیران شدن از آنجا

دسا سامهنی باغ اس دیر مین — کنور تها اسی باغکی سیر مین
کلا کام کی نامکو یاد کر — اسی باغمین بیٹھ رویا کنور
مکت مال موتیسی آنجهو چلی — نوا سیس رو روکی دیکھی تلی

نگہبان سب باغ کی عورتان کنور کو کہی دیکھکی تون کہان

کنورکو کہین کون تون مرد ھی تجھی اپنی جیکا نہ کچھ درد ہے

یہہ ھی راج تریہ سب عورت کرین نہ اسدیسمین مرد دیکھا کہین

کری راج رانی یہان راوتا کہانسی تون آیا ھی ھکون بتا

کنورنی کہا مین ھون پردیسکا مرم کچھ نجانون مین اسدیسکا

نہ سمجھین نبوجھین کنورکوپکڑ گئی لیکی سب راوتا کی مندر

کنور کامرو کو کھڑا کرکی دور کیا عرض جا راوتا کی حضور

عرض یہہ کیا دزد ھی بیجیا اگر حکم پاوین کرین سر جدا

سنی راوتانی کہ آیا ھی مرد غصہ کہا کی زانی ھوئی رنگ زرد

کہا جا اسی وقت لا رو برو میری سامہنی لاکی ٹکری کرو

نگرمین کرو سبکتین یہہ خبر کہ پھر مرد آوی ندوجا ایدھر

بدھاتانی جسکو جگتمین رکھا جو بیری ھوا جگ توکیا کرسکا

کنور پر نظر راوتا جب کئی جوکہتی تھی منمی بسرسبگئی

کنورپر ھوئی راوتا مبتلا کہی سب نگہبانسی یہہ بلا

حوالہ کیا اسکو کتوالکی کہا اسکو رکھو اسی حال سی

بلا پھر شتابیسی مارون اسی نہ صورت مرد کی نگرمین بسی

کنور کامر جسکی حوالی ھوا بلا اسکتیئں راوتانی کہا

کہا اب اسی جاکہ بھوجن کراوٗ پہر رات جاوی میریپاس لاؤ

وہ کتوال کنورکو جب لی گیا کہا بھوجنا کر کنورسی کہا

کنورکام وھان کچھ نہ بھوجن کری کلا کامر کا نام سمرن کری

وہ کتوالنی تب کنورسین کہا تجھی اب نکچھ باتکا دکھ رہا

جبھی راوتا پاس تجکو لی جاؤن یہہ تقصیر بخشا کی تجکو لیاؤن

وہ کتوال جب یہہ دلاسا کری — کنور کہہ کلا کام رویا کری
وہ کتوالنی راوتا سین کہا — کہ اسدزد کو لاکی حاضر کیا
کنورکو بلا راوتا دھیان کر — کیا کامرو پر مہرکی نظر
بتھایا کنور کام کو سامہنی — نوا سیس بیٹھا کنور کامنی
کہی راوتا تو بچن مکھسی بول — اٹھا سیس کنورنی تب آنکھ کھول
کہا راوتا سین ھون پردیسکا — بیوگی کلا کام کی بھیسکا
کلا کام کا نام راوتانی سن — کہا تجھکو بہتر ھوا یہہ شگن
کلا کام مجھسی رکھی ھی پیار — میری پاس ائی گیئی چند بار
خوشی کر میری پاس آرامسی — ملاؤں تجھی مین کلا کامسی
کنورنی کلا کامکا نام سن — خوشی ھوکی رانیسین بولا بچن
بتھا کی بچن سب کنور بولکر — ھسا رانی راوتاسین دل کھولکر
کنور دلمین جانا کہ اب سکھ ھوا — نجانا یہہ سکھ دوسرا دکھ ھوا
کنور ھوکی خوش حال کہنی لگا — مرم اپنی دلکا بتانی لگا
بچن سنکی سب راوتا دیکھ کر — کہا تب کنورسی کلا کام کر
کہا راوتانی کنورسی یہہ بات — رکھونگی تجھی نت کلا کام سات
کنورنی سنا دلمین شادی کیا — بصد آرزو نامرادی کیا
بچن سب کلا راوتانی کری — منگائی صراح رکھی مد بھری
گھڑیدو تلک ھردو خوشیانکیئی — رمز کی بچن کہکی ھسیان کیئی
ھوئی مدکی ماتی یہہ دونو بیخود — کنورکو نشیمین رھی کچھ نہ سد
نشا جب ھوا انکو می نابکا — کیا قصد رانینی تب خواب کا
محل سین منگا کی بچھایا پلنگ — کنورکو کہی خواب کر بیدرنگ
منگا کی پلنگ دوسرا رو برو — بچھا خواب کرنی لگی رو برو

کنورکو وہی نید سپنا ہوا　　کلا کامکا پھر کی جپنا ہوا
کنور تھا تھکا راھکا سر بسر　　ہوا نیدمین اسگھڑی بیخبر
کنورکام سپنیمین تھا اسگھڑی　　جو دیکھی تو صورت کلا کی کھڑی
بھوانکوچڑھا ہوتھہ داتونمیدا اب　　کلانی کنور سی کہی بیجاب
کنورسین کہی تون ہی بیشرم مرد　　نہ سانچا بچنکا نکچھہ دلمین درد
تجھی دیکھکی مین بسایا یہہ دکھ　　کری تون محل راوتا کی مین سکھ
تیری برہ کی سٹی ہوئی جلکی گھاس　　کری عیش تون رانی راوتا کی پاس
کپٹ دلمین دھر بچسین باچا کیا　　نہ باچا کو پھر اپنی سانچا کیا
نکچھہ آن رکھا نکچھہ تجھمی شرم　　نہ سانچا بچنکا نکچھہ تجھیدھرم
بہت شش کرکی کلانی گئی　　یہی کہکی سپنیسی جاتی رہی
یہہ سپنا کنور کامنی دیکھکر　　اٹھا نیدسین تھرتھرا کر کنور
التکر پلنگ پرسی بھوئیںپر گرا　　کہ دو نینسی نیر روتا پڑا
اٹھی راوتا نیدسین دیکھکر　　کنورکو اٹھائی بغلسی پکڑ
کہی راوتانی مگر تون ڈرا　　ویا دلمین وسواس تنسی گرا
کنور دلمیسجھا جوکہنا ہونبات　　ملا خوابمین تھا کلا کام سات
یہہ سپنا سنی تو کپٹ دل رکھی　　ڈرا جو کہون اسمی کچھ نہ کہی
کنورنی کہا نیدمین تھا پڑا　　تھکا راہ کا تھا اٹھا ہر بڑا
کنور کامروکو پلنگپر لٹا　　پھر اپنی پلنگپر گئی راوتا
کنورسین کہا راوتانی نڈر　　نہ لا دلمین وسواس آرامکر
ہوئی راوتا نیدمین بی خبر　　پلنگپرسین اپنی اٹھا تب کنور
کلا کامکی بات سین ہو خجل　　کنور ہوانسی اٹھکی محلسی نکل
کلا کام کا نام لیکی پکار　　درختونمین روتا بہت زار زار

کنور روکی هوان سست هوکی گرا   نکچهه سده بدنکی نه تنکی دهرا
کنور هوان رها بیخبر هوکی سو   چندرمکهه پریکی بچن اب سنو

حقیقت چندرمکهه پری که کنور را
برده بود و حیران نموده

چندرمکهکی ماتا پری چترسار   وطن تها پریکا سمندرکی پار
چندرمکهسی صورتنتهید وسری   منگیتر پری ذاتکی تهی پری
چندرمکهنی پریونکو اپنی پکار   منگا تخت اپنا هوئی وه سوار
چندرمکهنی چارونطرن سیرکر   یکایك وه تخت آکه پهنچی ادهر
چندرمکهه تو بولی اتارا کرو   اسی باغمین تخت کو تو دهرو
رکها تخت اسباغمین آنکر   جهان تها درختونمیبیسده کنور
کنورکو پری دیکهکی دهیان کر   کها یهه شباهت هی انسان پر
چندرمکهه کهی سب پریکو بلاو   اس آدمکتئین تخت اوپر لیاو
کنور بیخبرکو پری نی اٹها   منگا سامنی تخت اوپر بٹها
اٹها تخت پریون نی هوکی قطار   گئی لیکی ساتون سمندرکی پار
گئی لی جهان تها پریکا وطن   نه حیوان نه انسانکا هوان بچن
جهان هی پریکا مکان اوج سب   بهری اسمی راکس بهری فوج سب
ازلسین ابد لک رهی بی شکان   زمینپر عدل میخ هی کوه قاف
اسی قافمین تها پریکا وطن   یکایك کنور اٹهکی کهولا نین
جو دیکهی تو یك تخت هی زرزری   اسی تخت اوپر کنور اور پری
رها دیکهه حیران آوی نه بات   کری سوچ منمین فکر طلسمات

اسی سوچہین تھا پری تب کہا　اری ادمی ذات دیکھہ کیا رہا
نہ وہ باغ ھیگا نہ تیرا وطن　نہ وہ راوتا ھی نستیری لگن
تجھی دیکھکی مین ھوئی بیقرار　لی آئی ھون ساتون سمندرکی پار
نکر یاد اسدیسکا کچھہ بچن　تجھی پھرکی اسدیس جانا کٹھن
یہہ کوہ قاف ھی اسمیراکس بھری　پریزاد ھی ھیان نہ مانس رھی
رھی بن تجھی کچھہ نکہنا ھوا　اسی دیسمین تجھکو رھنا ھوا
کنور سنکی اتنا ھوا بیقرار　دو نینونسی آنجھو چلی زار زار
کنور تب پٹکنی لگا سیسکون　پٹک کر کیا منہکتین نیلگون
ڈھلی آنجھو آنکھانکھلی بلنہین　کلا بن کنور کامکو کل نہین
ولیکن کری کیا کرمکا لکھا　بلا چارگی اس پریکی رہا
کنور ھوکی لا چار بولا بچن　کلا بن کنور اب ھوا بیوطن
کرم مین بدھاتانی یہہ دکھہ لکھا　بہانہ کلا کی برہ کا رہا
کنور ھوان پریکی رھا ایک سال　نچھوڑی پری کامرو کا خیال
کنورکو نچھوڑی پری ایک چھن　نظرسین نہ اوجھل رکھی رینءدن
پریکی رہا چند مدت کنور　پریکی منگیترکو پہنچی خبر
کہا جاکہ اسی چندرمکھکی بات　کہ دنیا سین لائی ھی آدمکی ذات
نہ آوی سبھا مین نہ دیکھی ترنگ　نہ پھریتو اپنی سنگھاتیکی سنگ
نکچھہ فکر اسکو تری دمستی　کری عیش و آرام آدمستی
پریزاد سنکی رہا در حجاب　ولی دلمین کہا کر بہت پیچتاب
پریزاد یہہ کھوج کرنی لگا　چندرمکھکی محلومین پھرنی لگا
چندرمکھہ تھی اسباتسی بیخبر　پریزاد کی کچھہ نرکھتی خبر
محل مین کنور کامکو بندکر　کیئی سیل پریون کنین سنگ کر

اکیلا محل میں کنور کامروپ — کلا کامکا کرکی سب یاد روپ
کہاں ہی کلا کام کہکی پکار — کنور کام رویا بہت زار زار
پریزاد سنکی یہہ آواز پر — محل سین نکالا کنورکو پکڑ
کھڑا کر کنور کامکو سامہنی — کیا طیش جذبہ پریزادنی
لگا کی تماچا کنور کو کہا — تو آدم پری ساتھ کہہ کیون رہا
پریزادسین یہہ کنورنی سنا — نہ میناپ آیا ہون کہہ سر دھنا
مینببیسدہ پڑا تہا نہی کچھ خبر — اٹھا کی چندرمکھنی لائی ایدھر
گنہہ گار اسمین ہوا ہون اگر — کھڑا ہون تیرےمین آوی سوکر
یہی دو بچن کہہ کنور چپرہا — پریکی منگیترنی تب یہہ کہا
پکڑکی پہارونمین لیجا اسی — جہان پاؤ راکسکو دیجا اسی
چندرمکھسی نا کچھ فکر یہہ رہی — نہ دنیا مین اسکا اثر پھر رہی
اسی جاکہہ راکسکی آگی دھرو — کہو راکسون اسی بھوجن کرو
کنور کا پکڑ ہاتھ لیکر چلی — پریزاد راکسکون دینی چلی
پری زاد راکسکو ڈھونڈھا بسی — نہ راکس ملا انکو دیوی کسی
کنورکو گیا لی پہاڑون اوپر — کہا آدم اب کہہ گراؤن کدھر
ایدھر ہی سمندر مین پانی اتھا — ادھر ہی پہاڑونمین راکس بھرا
نہ تجھکو خلاصی ہی دونو ادھر — جدھر تون کہی ہم گراوئین ادھر
کنور کچھ نکہنیسین انکی ڈرا — کلا کامکا نام لی دی کہڑا
اکیلا کنور ایک ادمکی ذات — بنا ایک کرتار دوجا نہ سات
جسی سانچا دلمین لگی ہی لگن — چمکتی ہی اسمین برہ کی اگن
نہ خشکیمیںرکہہ اسکی دیو و پلنگ — تریمین گری تو یہان ہی نہنگ
پری اس درخشندہ گوہر کتئین — دیا پھینک سوی سمندر کتئین

بیہی فکر کچھ اب کلا کام کا　　پکاری کلا کام روتا کھڑا
سمندر مین کنور رہا چند یوم　　ملا کچھ نبھوجن نہ آرام نوم
کنور پھر سمندر میبہتا پھری　　کلا کامکا نام کہتا پھری
سمندرنی لایا لہر پر لہر　　کنور پھر کناری لگا آن کر
کنور اٹھ کنارا مین روئی کھڑا　　مکھ اپنیکو آنسوسی دھوئی کھڑا
جدھر جائ جنگل بیابان ہی　　نہ ہوان ذات انسان حیوان ہی
کنور کچھ نہ سدہ اپنیتنکیدھری　　بروگی کلا کی برہ کا پھری
کنور دیکھتی راہ جنگل چلی　　رہی رین بیٹھا درختون تلی

گرفتار شدن کنور بدست تسمه پیر
و در ورطهء هلاکت افتادن

بہت پھر کی جنگل بیابانمین　　گیا تسمہ پیرونکی میدانمین
کہین جسکتین آدمی تسمہ پیر　　جنگلتھا وہ سبتسمہ پیرونکا سیر
نہ وہان ذات آدم نہ آدمکا راج　　مگر تسمہ پیرونکا سب راج کاج
کنورکو خبر تھا نہ اسباتکی　　نہ وہانکی نگرکی نہ اس ذاتکی
کنور جس طرفکو چلا تھا بسیر　　پھرا تھا اسی راہمین تسمہ پیر
کنور کامکو دیکھ آنی لگا　　چھپا ہات اور پیر اپنی رکھا
غریبیسی بیٹھا رہا راہ پر　　کہ آوی مسافر اسی جاپر
کنور تسمہ پیریکو دیکھا کھڑا　　اسی آدمی کہہ ہوا جا کھڑا
تب اس تسمہ پیرینی بولا بچن　　کہان تم چلی ہو کہان ہی وطن
کہانسی تم آئی کہان تم رہو　　جو مطلب تمہارا ہی ہمسی کہو

کنور تسمہ پیریکو پوچھا بچن — کلا کامکا یہان کہان ھی وطن

کہا تسمہ پیرینی آ بیٹھ یہان — بتاوُن تجھی راہ جاوی جہان

کنور کام جانا یہہ کہتا ھی راس — خوشی ہو گیا تسمہ پیریکی پاس

مکر سین کنورکو ڈھک اپنی بلا — کہا غیبسین مجکو گھوڑا ملا

کنور کامکو تسمہ پیرا پکڑ — لپیٹ اپنی پیرونسی باندھا جکڑ

کنور جب بہت زور اپنا کری — کنورکی مکھ اوپر طبانچہ دھری

طبانچہ کنورکو بہت مار کر — کنور پر سوار ہو چلا اپنی گھر

جو سوئی تو کنورکی کاندھی چڑھا — اٹھی جب کنورکو کہی ہو کھڑا

کنور پر چڑھا سب جنگلمیں پھری — نچلنی سکی تب طبانچہ دھری

کنور کا ہوا سیمتن خوار خوار — چھپی خار پگمیں ہزاران ہزار

کنور کامرو کی زلفکی لٹین — مکھ اوپر ہوئی آنسوانسین جٹین

کنور کامکا رنگ تھا گلعذار — ہوا میلسین نیلگون سبزوار

رخ ارغوانی ہوا مثل طوس — تن صندلی تب ہوا آبنوس

ہوا جنگلی پھل کنورکو آدھار — خس و خار بستر ہوا در کنار

کنور پر چڑھا تسمہ پیرا مدام — بیابان پھرتا رہا صبح و شام

کنور تسمہ پیریکو لیکی پھری — جنگلمین کرمکا لکھا دکھ بھری

کنور پر جو گذری ھی جنگلمنی — نہ طاقت کسیمیکہ یہہ دکھ سنی

کنور ہوکی گھوڑا رہا ایک سال — تن نازک اسکا ہوا خستہ حال

جنگلمین شب و روز لیل و نہار — کنور پر پھری تسمہ پیرا سوار

کنور کامرو تھا صد اندوہ مین — گیا تسمہ پیریکو لی کوہ مین

تلی کوہ یک باغ تھا قدرتی — لگا اسمین سب میوہٗ پربتی

کنور ہوان جو دیکھا تو انگور ھی — انگوری رس اسمین تو معمور ھی

کنورنی تب انگور لیکی بہت نچوڑا سب انگور دارو صفت
انگوری عرق لیکی پانی کیا وہ پانی می ارغوانی کیا
گھڑی دو دیا اسکو سورجکی تاب ہوا وہ عرق مثل قاتل شراب
کنورنی کیا صاف اس رسکتیں کہا تسمہ پیریکو پیو اسکتیں
کنورنی وہ رس سب نچوڑا جو تھا اسی تسمہ پیریکو پینی دیا
پیا جب قرت تسمہ پیرینی چند کیا اس جنگلین سدای بلند
سدای بلند اسکی پہنچا نگر بہت تسمہ پیری پہری آنکر
جتی تسمہ پیری رہی آ کھڑا وہ هریك سبہی آدمیپر چڑھا
کھڑی سب ہوی گردمیچو قطار ولیکن سبہی آدمیپر سوار
کنورنی می ناب قاتل لیا جتی تسمہ پیری تہی سبکو دیا
خوشیسی پیا تسمہ پیرونی سب کرین کیفمین سب کلولین عجب
ہوی کیف جب تسمہ پیرونکتیں کیا سست سب ہات پیرونکتیں
جب انگورکی رس سیماندی ہوی یہہ هریك کی کاندہی لٹك کی رہی
کیا اپنی کاندھیسین سبنی اتار کنورنی سبہیسین کہا مار مار
سبہینی چھوڑا ہات پیرونکتیں لیا مار سب تسمہ پیرونکتیں
کھڑی ہوکنورسین کہینملکہ سب خلاصی ہوی ھکو تیری سبب
جو همسین کہی تو وہی هم کرین بنا حکم تیری نہ هم پک دهرین
کنورنی کہا ان سبہونسی بچن جہان تم رہو جاو اپنی وطن
کنورنی کیا ان سبہونکو جدا کیا ساتہہ اپنیسین سبکو جدا
رہا ہوان کنور پاس ایك آدمی نچھوڑا کنورکو نجاوی کہی
چلا وہانسی کنور ہوا مستقیم ملا راہ مین ایك درخت عظیم
یہہ دونون نی ہوان بیٹھکی دم لیا تب اس دوسریسین کنورنی کہا

کہا ساتھسی مِری جا اپنی دیس　　تب اسنیکنورسی کہایہہ سندیس
نہ مین دیس جانون نجانون نگر　　بدھاتاسی پاؤن مین اپنا کنور
ایسی شور دریا مین آکر بہی　　کنورکی خبر کچھ نکوئی کہی
کنور سنکی بولا کنورکون ھی　　نگرکون اسکا ھی تو کون ھی
تب اس دوسرینی کنور سی کہا　　نگر دیس اودہ پورگورکھ کہا
ھمارا کنور کامرو نام تھا　　مین اسکا مترچند دیوان تھا
مترچند کا نام سنکی کنور　　گلیسی لگا کی کہا دھیانکر
وھی ھون کنور کامرو نامکا　　وھی مین بروگی کلا کامکا
مترچند کنور خوشیسی ملی　　کہا سب جہانسیجدا ھوچلی
رھا جسطرح راوتا کی مندر　　چندرمکھنیجیوکو رکھا بند کر
پریزاد کی تسمہ پیرونکی بات　　کہا سب کنورنی مترچند سات
مترچندنی سنکی تب یہہ کہا　　کرم مین بدھاتانی جوکچھ لکھا

حقیقت بیان کردن پیش کنور مترچند دیوان از پریشانی خود

کنور کامرو کی سنی سب کتھا　　سنو اب مترچند کی یہہ بتھا
مترچند بولا کنور خیال کر　　جو بیتی ھی مجھپر سنو کان دھر
کہا مین جدا جب ھوا سانسین　　نکچھ دھیان دنکی نکچھ راتسین
سمندرکی لہرونمین بہتا پھرا　　کہان اب کنور کام کہتا پھرا
بہت دنمین مجکون کنارا ملا　　کناریسین خشکیمین اوپر چلا
پھرا ڈھونڈھتا اس بیابانمین　　پکارون کھڑا ھوکی میدانمین

جنگل بنمین مجھکو تیرا نام تھا
نہ تجھ بن کنور مجکو آرام تھا

مگر ایك دن اس بیابانمیں
بہت مین پکارا تھا میدانمین

وہی شور سنکر بڑا ایك دیو
ہوا سامنی آکی راکسکی بھیو

چرن بھوئیمی اور سیس آکاستك
جثہ مانس جسّی وهین سبلتك

مکھ اپنا پسارا کری ہونٹھ الگ
آگنسی چلی دھار مکھسی سلگ

گرجکی بہت سا نکالا زبان
چلی تابسی جو رہی اس مکان

یکایك بغلمین پکڑ کر لیا
اٹھا کر پہاڑونکی بھیتر کیا

گیا لیکی مجکو جہاں تھا سرنگ
رکھا اسکی درپر بڑا ایك سنگ

گیا دیو اسکوہ مین موندھکر
مین آکوچلا راہ کوڈھونڈھکر

گیا کوہ مین جب قدم پانچ چار
جودیکھونتوبیٹھیہین مانسقطار

بہت ذات آدم ہین اسکوہ مین
فکرمند بیٹھی ہین اندوہ مین

ولیکن سبھی تکتکی لگ رہی
نپوچھین کسیکون نکوئی کہی

کہا مین انونسی کہاں تم رہو
کنور کامروکی خبر کچھ کہو

سبھون نی کہا سنکی ایبیخبر
خبر تجکو یہانکی نہین ہی مگر

تجھی لیکی آیا ہی وہ کون ہی
نہ مانسکی رھنیکا یہہ ٹھور ہی

مگر دیوکی تو ندیکھا چھٹا
کہاں کس کنورکی خبر پوچھتا

جنگلسین پکڑ جنّی لایا تجھی
وہی سبکو لایا تجھی کیا مجھی

نکل کوہ سی دیو اسی چاہ پر
رہی رین ساری اسی راہ پر

بڑبیبھور سورج نکل دن کری
پکڑ ایك مانسکو بھوجن کری

مین انکا بچن سن بہت خوش ہوا
گیا سرسی سبدکھ خوشیسیکہا

کنور کا بچھڑنا ہوا دکھ مجھی
کری دیو بھوجن یہی سکھ مجھی

تب اسکوہ مین رینکو بار بار
کنور کامرو کہکی رویا پکار

گئی رین کالی ہوا بھور جب　　سہمنی لگی آدمی اور سب
مینپوچھا تمینکیوں ہوئیتھرتھری　　کہین دیو آونیکی آئی گھڑی
یکایک اسی دیونی آنکر　　دیا کوہ سی پھینک در کا پتھر
اسی کوہ مین دیو ہوکی کھڑا　　نظر آدمی ذات سب پر کرا
اسی دیکھ کر کڑکڑانی لگی　　لگی تھرتھری سبکو کپنی لگی
مین اسکی طرف ہسکی آکو چلا　　پکڑ ہات میرا ہسا کھل کھلا
پکڑ سر اٹھا کی بغلمین لیا　　نکل کوہ سی درکی باہر گیا
تب اس دیونی مجکو پوچھا یہ بات　　توکیوں نہ دیکھ ہستا ہی آدمکی ذات
مگر تجکو اسکی خبر تھی نہی　　کروں بھوجنا نت یہی آدمی
جو مانس رہا دیکھ مجکو ڈرا　　توں ہنستا میری پاس آکی کھڑا
عجب مین ہوا تیری اسبانسی　　نہ وسواس ہی تجکو دیو ذاتسی
تب اس دیوکو مین دیا یہ جواب　　کہ یہ جیونا مجھکو دستا عذاب
کنور کامرو ساتھمین نت رہا　　اسی شور دریا مین آکی بہا
نکل مین ایدھر آکی خشکی اوپر　　کنور ہی کدھر کچھ نپایا خبر
کنور ہی اگر جگمین جینا بھلا　　مجھی بن کنورکی مجینا بھلا
کنورکا ہوا ڈھونڈھنا دکھ مجھی　　کریدیو بھوجن یہ ہی سکھ مجھی
کہا دیونی سن ری آدمکی ذات　　مجھی رحم آیا ہی یہ سنکی بات
خلاصی دیا اب نہ بھوجن کروں　　جہاں تو بتاوی ہواں جا دھروں
بچن سب سنا دیو سین ہانک مار　　کنور کامرو کہکی رویا پکار
کہا مجکو لایا جہانسین پکڑ　　لیجا کی ویسی ہمین دی چھوڑکر
کنورکامروکو پھروں ڈھونڈھنا　　کنورکو مگر کوئی دیوی بتا
مترچند کا دیونی دیکھ حال　　دیا سیسکی لٹسنی ایک بال

کہا دیونی سن ری آدمکی ذات　یہہ باچا کیا ھی تجھ آدمکی سات
جنگلمین تجھی کچھ کٹھن آ پڑی　ایسی بالکو آگ پر ڈھك دھری
اسی وقتمین پاس تیری پھرون　کہی مجکو جو کام سرسی کرون
یہہ کہہ کر اسی بنمین پھر لیگیا　بتا راہ پھر دیو وھانسی گیا
گیا دیو اپنی پہاڑونکی بیچ　میندھنڈا کنور تجکوجھاڑونکی بیچ
ھوا اجنگلمین بہت دن تجھی　نہ مانس ملی کسی پوچھون تجھی
یکایك بیابانمین مین چلا　مجھی راہ مین تسمہ پیرا ملا
نجانا یہہ ھی تسمہ پیریکی ذات　اسی تسمہ پیر بسیپوچھا یہہ بات
کہ تم اس بیابان بنمین رھو　کنورکی کہون بنمین دیکھی کہو
اسی تسمہ پیرینی یہہ بات سن　میا سین بلاکی کہا سن بچن
کہا آکی ھیان بیٹھ سن کاندھر　کہون مین تجھی کامروکی خبر
بلاکر اسینی بٹھایا مجھی　جبھی اپنی نزدیك پایا مجھی
بجلدی مجھی تسمہ پیرا پکڑ　دو پیرونمین اپنی لپیٹا جکڑ
مجھی زور جیتنا سو مینی کیا　نہ اس تسمہ پیرینی چلنی دیا
چڑھا پشتپر چل کہی بار بار　پشت اپنی پیرونسی ھوکرکی سوار
جو اٹھکی چلون توخوشیسین رھی　جو بیٹھون پکڑ کان داتون کٹی
مکھہ اوپر طبانچہ بہت مارکر　سواری کیٔی لیچلا اپنی گھر
چڑھا کاندھی اوپرخوشیسی چلا　کہی غیب سین مجکو گھوڑا ملا
رھا سالبھر تسمہ پیرونکی پاس　کنور وھان نہ تیری مجینیکی آس
جب اسباغ بنمین ملا سبکتیٔن　نشیکا پیالہ پلا سبکتیٔن
لیا مار جب تسمہ پیرونکو سب　خلاصی ھوئی مجکو تیری سبب
منرچند بولا سب اپنی بتھا　کنور کان دھر چپکی سنتا رھا

کنور کامنی سنکی تب یہ کہا کہ یہہ سب ہماریکرمکا لکھا
ملایا بدھاتانی جیون دوکنتئین ملاوی دگر بار اورونکنتئین
مترچند کنور رہی یک سات سنواب یہہ پنڈت اچارجکیبات
اٹھا ایک طوطا اسی گاچھہ پر وہ آیا کنور کامکی ہاتھہ پر
کنوردیکھہ طوطا کتینھوکہ خوش کہا آدمی نی کیا پرورش
رہا ہی محبت سین انسانمین ہوئی الفت انسانکی حیوانمین
جنگلمین ہمارا ہوا ہی رفیق ہمارا یہہ طوطا رفیق و شفیق
اٹھا پانو طوطانی آگو کیا پکڑ چونچسین پگسین ڈورا دیا
کھلی ڈورا پگسین ہوا آدمی کیا بات طوطا ہوا آدمی
کنور دیکھہ حیران ہوا اسکتئین دیا آکی آسیس کنور کتئین
تب اسنی کہا انہہ چھہ یار یار کنورمین اچارجھونپنڈت تمہار
کنور کام اچارجکو سنکی ملی مترچند کنور گلیسی گلی
اچارجنی بولا کنورسین بچن جو تمنی کہا بات اپنی کتھن
تمہارا بنتھا سب سنا دھیان کر یہہ پنڈتکی باتین سنو کاندھر

بیان کردن اچارج پنڈت احوال
خود را در پیش کنور

جدا ہوکی جسدن یہا سانسین نہ دن سی خبر تھی نکچھہ راتسین
مجھی ہوان نہ پانیمین کچھہ کام تھا دن اور رین سمرن کنور نام تھا
سمندر کی لہرونمین بہتا پھرا کنور کام کا نام کہتا پھرا
خبر کچھہ ندن راتکی تھی مجھی فکر سب تیریساتھکی تھی مجھی

جب آیا لہر سی کناری لگا — نہ ھوان کوئی اپنا بیگانہ ملا
لیا راہ جنگلمین آگو چلا — نہ اس بنمین پنچھی پکھیرو ملا
جنگلمین نہ جلپان بھوجن دسی — بنا دیو راکس نہ مانس بسی
لگی بھوکھ اس بنمین روتا کھڑا — دسا سامنی باغ مندر بڑا
اسی باغمین جا کیا سب نظر — ندیکھا نگہبانکا کچھ اثر
خوشی ھوکی بیٹھا بہت پھل لیا — اسی باغمین سبکو بھوجن کیا
بہت کھا کی میوہ اٹھا جسگھڑی — جو دیکھوں تو ایک دیونی آ کھڑی
اسی دیکھکی مین سہم کر رھا — ڈرا دیکھکر سدہ کو گم کر رھا
کھڑی ھوکی پوچھی مجھی کون ھی — نہ مانسکی پھرنیکا یہان ٹھور ھی
کہا مین مسافر ھون بھولا ھو راہ — مگر تون بتاوی مجھی شاہ راہ
سنا دیونی جب ہنسی کھلکھلا — کہا مین تجھ اوپر ھوئی مبتلا
بہتدن سیمین ڈھنڈھتی تھی تجھی — کہان تھا نملتا تو ابتک مجھی
تجھی ساتھمین ابتلک پاس تھی — مجھی نت بڑی پاسکی آس تھی
نہ اسباتکی کچھ خبر تھی مجھی — محبت نی تیری لبائی مجھی
غرض دیکھ مجکو ھوئی بیقرار — مندر بیٹھ کرنی لگی تب سنگار
منگا اینٹ دس بیس من پیسکر — دیا مثل سیندر اپنی سیس پر
بہت کویلا کوٹ مسی کیا — جو اسی بچا کچھ سو کاجل کیا
لیا کھال ھاتھی بنا کی چدر — وہی کھال سر پانوسی اوڑھکر
ھسی مسکراوی کہی بات کر — اری ادمی ذات مجھسی نڈر
ڈرا مین بچن مکھسین کچھ نکہا — تب اسنی میری پانوپہ دوڑا دیا
پکھیرو بنا ھاتمین لی رہی — مجھی اب جنم بھر نچھوڑون کہی
پکڑ پانو مین باندہ ڈورا دیا — مجھی آدمیسین پکھیرو کیا

بہت دنسین اسپاس طوطا رہا پکھیرو سی انسان ہوتا رہا
کبہون کھول دوڑیکو آدم کری کبہون باندہ دوڑا پکھیرو کری
نچھوڑی مجھی ایکدم ہاتسین نہ اوجھل کری رینددن ساتسین
مگر ایکدن وہ مجھی چھوڑ کر گیئی اپنی بھوجنکو جنگل بھیتر
اسیدن مجھی کچھ سبھیتا ملا اٹھا اس مندرسی جنگلکو چلا
نکوئی ملا پھر مجھی دوسرا لیا مین اسی کا چھکا آسرا
گوسائین نی مجپر کیا یہہ بھلا مجھی ہیان کنور راج بنسی ملا
کنور نی کہا ملکی ان دو کتین بدھاتا ملادی اب اورون کتین
کنور ساتھہ دو یار ملتی چلی کہین اب نہ پھر تسمہ پیرا ملی
ملی کوئی نزدیك اسکی نجائین نہ دلکا مرم اب کسیکو بتائین
یہی کہکی تینون جنگلمین چلی نہ اس بنمین بھوجن نہ پانی ملی

داستان ملاقات شدن از جوگی و یافتن سنك پارس کنور

یہہ تینون بھٹکتی پھرین ساتسات دسا سامنی ایك آدمکی ذات
اسی دیکھکی یہہ لگی بھاگنی کہین تسمہ پیرا ہی یہہ سامنی
اس آدمنی پوچھا یہہ تینونسیبات کدھر بھاگتی ہوری آدمکی ذات
نہ اس بنمین ہی آدمیکا گذر کہانسین تم آئی ہو جاؤ کدھر
کنورنی کہا کون ہو تم کہو اکیلی جنگل بنمین تم کیون رہو
مگر سین ہمین پاس اپنی بلا کہو غیبسین ہمکو گھوڑا ملا
بلانا تمہارا نہ باور کرین تمہاری اسی باتسین ہم ڈرین
کنورنی کہا تم کہو کون ہو تم اپنی چلنکا بچن سب کہو

کنورکا مسی اسنی پوچھا یہہ بات　　کہین تم پتری تسمہ پیرپکی ہات
تب اسنی کہا انکو سمجھا کی بات　　مین سیاح درویش آدمکی ذات
نہ دہشت نہ وسواس مجپاس آؤ　　جدھر مین بتاؤن اسی راہ جاؤ
کیا اسکو تحقیق جب آدمی　　گیئ ہرسی ہشیار اسکی قرین
کنورنی کہا تم ہمین یہہ کہو　　بیابان جنگلمین تم کیون رہو
کہامین ہون درویش رہتاہونغرہ　　نکچھہ کام رکھتا ہون بستی کی گرہ
مگر ایکدن حقسین آیا خطاب　　ہوا حکم اودہ پور گورکھہ شتاب
حکم پیرکی سین چلا جھاڑبن　　لباس چرمکا کیا اپنی تن
بہت دنمین پہونچا اودہ پورنگر　　جہان تھا سدابرت بھنڈارگھر
بہت آرزو سی ملا سامنی　　دعا دی کہا اسکی دیوان نی
مہاراج پتکی نہ فرزند ہی　　اسی غمسی راجہ فکرمند ہی
اجابت کیا حقنی سبکی دعا　　سری پھل کیا حقنی اسکی دوا
اسی پھلسین فرزند اسکو ہوا　　مہاراج خورسند اسی ہوا
کنورسنکی یہہ بات استہانون پر　　گرا آکی درویشکی پانون پر
کہا یہہ جوتمنین کہا سب بتہا　　کنور ہون وہی راجپت ہی پتا
اسی پھلسین دنیامین پایا جنم　　بدھاتانی یہہ دکھہ لکھا تھا کرم
کلا کام رانیکو سپنی مین دیکھہ　　گیا ہون بیوگی کلا کی بسیکھہ
بنا کی برن سب بیوگی اداس　　چلا تھا کلا کام رانیکی پاس
جہازونمین ہریک سرانجام کر　　چلا تھا سراندیپ اسکی نگر
جہازونکی اوپرسی جھونکو بہیا　　کنورکی بتہا راہ کی سب سنا
بدھاتانی جو کچھہ بدا تھا کرم　　اسی دکھمین بیتا ہروگی جنم
جنگل بن بیابان خشکی تری　　کلا کی برہ کی گھتری لی بھری

بھٹک کی جنگل بمیں آیا ادھر   مجھی تم بتاؤ کلا کا نگر
کنور کا بتہا سنکی درویشنی   وہ سب بات دل نیک اندیشنی
کہا سب تمہاری کرمکا بدا   کرمکا پدا دکھ ہوا سب ادا
میری پاس اب تم رھو ایکماس   کرو ان پانیسین جیونیکی آس
تب اسکی بچن سب سناؤں تمہیں   سراندیپکا رہ بتاؤں تمہیں
کنورسیں یہہ درویشنی جب کہتا   کنور پاس درویشکی تب رہا
بہت دن کنور رھکی درویش پاس   کلا کی بره سیں ہوا پھر اداس
کہا جاکی درویشسیں یہہ بچن   مجھی اب بتاؤ کلا کا وطن
بتاؤ مجھی راہ اب میں چلون   سراندیپ جاکر کلا سیں ملون
مجھی رین دن اب یہی ہی فکر   سراندیپ دیکھون کلا کا نگر
گیا سنکی درویش جنگل بھیتر   کنورکو دیا لاکی پارس پتھر
کہا یہہ پتھر تم رکھو باندہ کر   جو لوھا پتھرسیں ملاؤ سو زر
اگر کچھ خزانہ اوپر مِن دھری   وہا کچھ کٹھن کام آکی پڑی
اسی زرسیں سب کام تیری چلی   اسی زرسیں ملنا تملنا ملی
رھی جگمیں جسپاس سیم عیار   منکھ سب اسیکا کری اعتبار
اسی زرسیں دنیامیں پاوی حیات   اسی زرسیں سولیسیں پاوی نجات
یہی کہکی درویشنی کر صدا   کنور کام روکو کیا تب بدا
کنور لیچلا باندہ کی وہ پتھر   چلا سیل کرتا نگر در نگر
منترچند اچارج کنور کام سات   کرین راہ میں ملکی چلنیکی بات
کہیں اب سراندیپ دیکھیں نگر   کلا کی خبر اسمیں پاوین اگر
جو آدم کی صورت انہونکو دسی   سراندیپکی راہ پوچھیں اسی
جہاں جائیں تینو رھیں ایکسات   سنو اب چترمن چنیریکی بات

ملاقات کردن چترمن چترکار
با کنور کام و حقیقت گذشته گفتن باو

چترمن سمندر مین جسدن بہا — بہت دن وہ لہرونمین بہتا پہرا
یکایک اٹہا جب کناری لگا — گرا سست ہو رین دنکا جہونکا
لیا دم گہڑی دو ہوا ہنشیار — کنور کب ملی کہکی رویا پکار
کناریسین آگو چلا راہ پر — مندر سامنی باغ آیا نظر
چترمن چتیرا گیا باغمین — نگہبان جتنی ملی سامنین
چترمنسی پوچہا کہ تم کون ہو — کہانسین تم آئی کہان تم رہو
چترمن نی بولا نہ اسدیسکا — مسافر بدیسی ہون پردیسکا
نگہبان ہو تم بمنت کہون — اسی باغمین چند مدت رہون
نگہبان سبنی کہا رو برو — مندرمین اسی باغکی تم رہو
چتیرا رضا پاکی خوش ہو گیا — مندرمین اسی باغکی جا رہا
چتیرا پہری دیکہتا باغمین — ولیکن کنور کام کی داغمین
جو اس باغمین تہا مندر جا بجا — چترمن نی سبپر نظر جا کیا
چترمن نی وہان بیٹہکر رنگ لا — ہری لالکی ساتہ پیلا ملا
جو چہوٹا بڑا باغمین تہا مندر — کیا چترکاری سبہونکی اندر
چترکی بنایا بہت مورتین — بہر رنگ ہر قسم سب صورتین
چترمن مندرمین چتر جابجا — رنگیلا برن سب کیا جابجا
کیا باغمین چتر جو ہو سکا — نمونہ کیا باغ فردوسکا
اسی دیسکا راج تہا جسکتین — مہاراج گندھرب کہین اسکتین

44166

مہاراج آیا اسی باغمین کہ جسمیں مندرتھی چترکی بنی
مہاراج گلشن کتیں سیل کر خوشی ہوکی آیا چتر کی مندر
مہاراج دیکھی مندر جسطرف مندرمین ویسی سب چترہرطرف
چترکی بنیں مورتیں زر نگار کھڑی یکسی یکصورتیں سبقطار
مندرمی نظر بھرکی دیکھا جدھر تعجب کیا سب چترکا ہنر
جلودار کو تب حکم یہہ کیا مندرکا نگہبان مالی کو لا
جلودار نی لاکی مالیکو ڈور کیا عرض گندھربکی جا حضور
مہاراج مالی کتیں دیکھکر بلا پاس پوچھا چتر کی خبر
بچن سنکی مالی نیہرکچھ کہا چتر دیکھکی سب تعجب رہا
کیا عرض مالینی لاوں اسی خبردار اس باغمین جو بسی
چتردیکھہ مالینی تب دھیان کر چترمن سی پوچھا بچن آن کر
نیا باغمین مورتیں رنگ بھر بنایا ہی کسنی کہو یہہ خبر
چترمن نی بولا یہہ سب مورتاں چترکی بنایا ہوں میں صورتاں
کہا آکی راجا کی دیکھوں چرن مہاراج پوچھی چترکی بچن
چترمن کو مالینی لاکی رکھا کہا اس مندرمین یہی نت رہا
مہاراج یہہ بات پوچھی اسی کہی یہہ مرم سب مہاراجسی
چترمنکو راجہ نی آکو بلا کہا اس چترکی خبرکچھ بتا
چترمن نی گندھربسی بولا پکار چترکاری مینّی کیا سب قطار
مندرمین چتر سب میری ہاتکا چترمی چتیرا ہوں میں ذاتکا
کیا بہت راجہ نی اسپر کرم لیا نہیں چترمن نی دام ودرم
چترمن نی بولا مہاراجسی دھرم ہی بڑا مجکو سب کامسی
مہاراج پہنچی سراندیپمیں میرا دیوتا ہی اسی دیپمیں

جہان متھ ھی ھر دوارکا دیہرا   دھرم ھی مجھی دیوتا کا بسرا
چترمن نی گندھربنی سن کہا   لکھو تمین مہاراج جیوکو لکہا
تجھی پاس اپنی رکھی کام راج   اسی متھمین ھر دیوتا کی براج
مہاراج گندھربنی گیان سین   بلاکر کہا اپنی دیوان سین
کہا جا کتابت لکھاؤ تمام   مہاراج جیوکو لکھو رام رام
لکھو رام رامی کی آگی سو بچن   چتیرا یہی نام کا چترمن
مندر کی چترکا نگارش لکھو   ہماری طرفسین سفارش لکھو
کتابتمین جو کچھ کہا سو لکھا   مہاراجکی پاس لاکی رکھا
مہاراج گندھربنی تب خط لیا   بلاکر چترمنکی ہاتسون دیا
چترمن نی راجا کو آسیس کر   ادبسین کتابت رکھا سیس پر
سراندیپ نگری چترمن چلی   کہ شاید کنور کی خبر ہوان ملی
چترمن کنتین راہ مین جو ملی   اسی پوچھکی راہ آگی سو چلی
چترمن اتھی بھور دن بھر چلی   رہی رینکون گاچھہر وہ تلی
سراندیپکی جب نگر مین گیا   مہاراج جیوکی مندر مین گیا
کیا جاکی مجرا مہاراجسین   جو پوچھا زبانی کہا کاجسین
مہاراجنی خط کو دیکھا تمام   حقیقت مہاراج جیو کا سلام
مہاراج خط پڑھکی پوچھا بچن   سبب کار اورنگ کا سب جتن
چترمن نی بولا مجھی سب ہنر   بناؤن کرو حکم جینا چتر
کہا تب مجھی ہون کیا کر سلام   بنا چتر کاری مندرمین تمام
بنایا مہاراج نی جو کہا   چترمن مہاراج جیوکی رہا
رہا جب چترمن سراندیپمین   کنورکو کیا کھوج سب دیپمین
بہت دن چترمن نی ڈھونڈھا نکر   نپایا کہون کچھ کنورکی خبر

اسی غمسیں بیمار ہوکی پڑا — نہ اٹھنی منکی اب نہونی کھڑا

چترمنکا احوال سن کامراج — رہی نت مہاراج غمگیں مزاج

ہوا دکھسی بیمار یہاں چترمن — کنورکی مشرکی سنو یہہ بچن

در ذکر ملاقات کنور کامروپ
از مشر کہ از ہمراہی او طلاطم امواج سمندر
گرفتار شده بود

کنورکی چھون یار مین تھا مشر — بہا تھا سمندر کی لہرون اوپر

کنولروپ تھا نام بہتا پھری — کنور کام لہرونمیں کہتا پھری

پھری لہر لیکی ایدھرسی اودھر — نہ داروکو پوچھی نہہنچی مشر

یکایک جہاز ایک آیا ایدھر — جو دیکھی تو آدم ہی پانی بھیتر

جہازی نی لنگر کتیں تانکر — اتھایا کنول روپ کو آنکر

مشرنی بمنت کیا معذرت — کہ اسکی جزا پاؤ در آخرت

مشرکرکی تحقیق دوسہ گھڑی — اسی تب سراندیپکی دھن پڑی

مشر وہانجو دیکھی تو سب آدمی — یہی بیٹھیہیں ہریک اندوہگیں

مشرنی کہا یہہ بچن سبستیں — نکچھ فکر رکھتی ہو چلنیکتیں

سمندرمیں تو اب کھڑا ہی جہاز — چلی اب کہیں بادبان سب دراز

فکرمند بیٹھی ہو کسباتسیں — امن اسگھڑی ہی مکافاتسیں

مشرسیں کہا سبنی جسکا جہاز — بہت مال و زر ہی سرانجام ساز

اسی یک فرزند ہی خوشخصال — ہوا اسکو آزار سودا مثال

اسی غمسی غمگینہیں جتنی ہیں سات — نہ غمناک ہونیکی ہی اور بات

مشرنی کہا میں جو دیکھوں اگر — تو اسکی دوا کا کروں کچھ فکر
کنول روپکو لیگئی اس مکان — جہاں تھا وہ آزار مند جوان
مشر دیکھکی بیقراریکتیں — لگا دھیانسی ھات ناریکتیں
مشر کثرت نبض تشخیص کر — کہا اسکو سودا خلل سر بسر
دوا اسکی جو کچھ مشرنی کہا — جہازینی سب آگو لا کی رکھا
مشرنی بلا سبکو دارو کیا — بنا کی دوا اس جوانکو دیا
جوان تھا زگرمی ضعیف دق وسست — مشرکی دوا سیں ھوا تندرست
جہازینی سنکر خوشی سب کیا — مشرکو دلاسا بہت سا دیا
جہازینی پوچھا مشر سیں بچن — کہاں تم چلی ھو کہاں ھی وطن
کہا وہ اودہ پور سی میں چلا — مجھی اب سراندیپ جانا بھلا
میرا دیوتا ھی اسی دوار میں — کروں جاکی ڈنڈوت ھردوار میں
جہازی مشرکی بچن دھیانکر — کہا بیٹھکی سکھسی جلپانکر
سراندیپ کا راج تجکو دکھاؤں — ھری دوار کا جاکی پوجا کراؤں
مشر سنکی بیٹھا جہازیکی پاس — کنور کی ملنکا رکھا منمون آس
جہازینی لنکر اٹھا کر لیا — اٹھا بادبان سب کھڑا کر دیا
جہاز اس مکانسیں چلا تیز تر — لگا جا سراندیپ میں بیخطر
جہازینی سب جنس تحفہ لیا — مہاراجکی پاس جاکی دیا
جو دیکھی تو راجہ ھی پژمردہ حال — فکر مند خاطر ھی غمگیں مثال
جہازی اسی پوچھکر چپ رھا — تب ارکان دولتنی سب یہہ کہا
مہاراجکی ایک فرزند ھی — وھی ایک فرزند دلبند ھی
کلا کام ھی نام کچھ دکھ نہ درد — رھی رنگ پیلا بھری آہ سرد
رھی چھین تن نت رھی دکھستی — نہ دنرین بولی بچن مکھستی

دوا دینے تو آزار ہوئی دوچند   مہاراج اس غم سی ہی فکرمند
جہازینی انسین کہا یہہ خبر   میری ساتھ آیا ہی ہندو مشر
مہاراج جیو کا اگر حکم پاؤں   کلا کام رانیکو جاکی دکھاؤں
کیا جا مہاراجسین یہہ خبر   کہ آیا ہی پردیسکا ایک مشر
اگر حکم دیوی مہا کامراج   کلا کام رانیکو دیوی علاج
مہاراج بولا مشرکو لیجاؤ   چترمن چتیریکو جاکی دکھاؤ
چتیرا اگر اسی آرام پائی   کلا کامکو تب دوا یہہ کھلائی
مشرسی کہا یہہ بچن آن کر   اول جا چتیریکتیں دھیان کر
حکم یہہ ہوا ہی مہاراجسی   چتیریسی جاکی ملاؤ اسی
مشرنی چتیریکتیں دھیانکر   رہا ہوا خوشیسی پہچانکر
نرالا ہوا تب یہہ دونو ملی   کہا یکدگر سب جہانسی چلی
چترمن نی بولا مشرسی کتھا   مشرنی کہا تب وہ اپنا بتھا
چترمن مشر ملکی سکھ چین ہو   کہا کچھ خبر اب کنورکی کہو
چترمن نی بولا مین ڈھونڈھانکر   کہوں کچھ نپایا کنورکی خبر
چترمن کنولروپ مل بار بار   کنور کامرو کہکی روئی پکار
چترمن مشر ملکی دونو رہین   ملی اب کنور روپ دونو کہین
چترمن چتیرا توانا ہوا   مشرکا دوا کا بہانا ہوا
چترمن چتیرا ملا یارسین   ہوا اسکو آرام آزار سین
نظر کر چتیریکتیں کام راج   کیا حکم رانیکو دیوی علاج
مشرکو گئی لی کلا کی مندر   کہا جا کلا کامسین یہہ خبر
طبیب ایک آیا ہی پردیسکا   بدیسی مسافر نہ اسدیسکا
اگر حکم ہوئی مشر آنکر   کھلاوی دوا مرض پہچانکر

کلا کام بولی مشر کو بلاؤ　　بلاکی مندر میں مشر کو بٹھاؤ
بٹھایا مشر کو بلا جسگھڑی　　لتا کام ہوا ن اوٹ پردی کھڑی
مشر جاکی رانیکی ڈھگ بیٹھکر　　کیا دھیان سب مرضکا بیصبر
جو دیکھی تو رانیمی کچھ دکھ درد　　کنورکی برھسی ہوئی رنگ زرد
مشرنی کلاکی نبض دھیانسکر　　وداع ہو چلا مرض پہچانکر
کہا جاکہ ابھی دوا سب بناؤں　　بڑیبھور رانیکو دارو کھلاؤں
پڑا ہو مشر جا چترمنکی سات　　کہا سب کلا کام رانیکی بات
کہا کچھ نہ رانیکنو آزار ہی　　کنور بن کلا جیوسی بیزار ہی
چترمن مگر تم فکر یہہ کرو　　کنورکی شبیہ کھینچکی رنگ بھرو
کلا کو دکھاؤں کنور کی شبیہ　　اسی دکھسی آرام ہنوئی ابھی
چترن بیٹھ تب فرد کاغذ لیا　　کنورکی شبیہ کھینچ سب رنگ دیا
چھون یار شامل کیا فرد میں　　کنور بیچمیں باز چوگرد میں
کنور کو بنایا بہروگی اداس　　چھون یار بیٹھی ہیں سب آسپاس
چتیری نی اس دنکا صورت لکھا　　کہ جسدن کنور کام نیتی کیا
کیا فرد میں مورتیں سب قطار　　چتر سب کیا رنگ دیکی تیار
چترمن نی کاغذ مشر کو دیا　　مشرنی چترمنسی کاغذ لیتا
ہوئی بھور دنکو گیا جب طبیب　　کھڑا ہو رہا جا مندرکی قریب
مشرکی خبر جا کلا سی کہا　　کلا نی مشر کو بلاکی لیتا
مشرنی دوا دیکی رانی کتنی　　کیا یہہ فکر کار دانی کتنی
چتر فرد سیتی بجا کہاتمہیں　　دیا تب کلا کام کی ہاتمیں
کہا جا مندر بیچ بیٹھو نچنت　　نیدوجا ستی دل رکھو الک فت
نظر جا کرو تم اسی فرد پر　　دوا اس برابر نہیں درد پر

کلا کام رانی نی کاغذ لیا   یکایک نظر اس شبیہ پر کیا
کلا کام رانی مندر می گئی   چترکی دوا ھات لیکی گئی
لنا سین کہی انسبھونسین کہو   خواص اسگھڑی سب کناری رہو
نرالیمین کھولی چترکی چتر   پڑی جب کنورکی شبیہ پر نظر
جو دیکھی تو صورت ھی دلدارکی   کنور کا شبیہ اور چھبون یارکی
کنورکی شکل دیکھ پہچانکی   لنا سین کہی دیکھ ادھر آنکی
یہہ بیصورت اسدنسی سپنیمیدیکھ   اسی دنسی مجکو ھوا یہہ بسیکھ
کلا نی چترکی رکھی فرد وہ   مشرکو خوشیسی کہی جا کہ وہ
نچھوڑی کلا فرد کو ایک تل   کلا کو ھوا فرد آرام دل
خلاصی ھوئی عشق کی درد سی   توانا ھوا دل اسی فرد سی
کلا سین بدا ھوکی آیا مشر   چترمنسی جا کی کہا سب خبر
کہا پھر تمہین چترکرنا روا   اسی چترمین ھی کلا کی دوا
چترمن نی کاغذ لکھا دوسرا   کہ جسدن سمتنی بچن سب کہا
کنورپر جو احوال تھا اسدنا   کہ جسدن کلا کی بچن سب سنا
چترمن اسی ڈھنگ سی رنگ بھر   وہ کاغذ مشرکی دیا سنگ کر
کلا کی مندر جب گیا چل مشر   دیا پھر کنورکی شبیہ کا چتر
چترکی شبیہ لی مشر جب دیا   کلانی وہی فرد دوجا لیا
کلا وہ چتر لی مندر بیچ آن   کنورکی شبیہ پرکیا تب دھیان
جو دیکھی تو بیٹھی ھی بہمن میرا   کہانی سنی ھی کنور باورا
چتر دیکھ رانی ھوئی لال لال   مشرکو بلانی لگی حال حال
چترمن نی کاغذ لکھا تیسرا   کنور جب جہازونکی اوپر چڑھا
کیا ساتھکا سب سرانجام ساز   چلی دیس مجلیسی جسد نجہاز

جو اسدن هوا سب چترمن کیا　　مشرنی چـــتر جا کلا کو دیا
کری دهیان رانی کلا دیکهکر　　کنوراب چترها هی جهازون اوپر
چتر دیکهه رانیکنیین سکهه هوا　　پهرا رنگ سب لال مکهڑا هوا
مشرنی دیا سب یهی تبین فرد　　کلا سی کها اب نچهوڑو یهه فرد
کلا نی خوشی هو مشر سی کها　　نه اب روک کچهه تمهین میرا رها
کلا کامکا رنـــگ لالا هـــوا　　مکهه اوپر خوشیکا اجالا هـــوا
مها کام راجه نی سنکی خبر　　مشرکو بهت کچهه دیا مال وزر
مشر نی چترکا بهانا کیـــا　　غسل دیکی رانیکو چنگا کیـــا
مشر پر مهاراج هو مـهـــربان　　خوشی هوکی بخشش کیا خلعتان
کلا کام سنکی هوئی شاد شـــاد　　تجهی بات بهمنـــکی آئی هی یاد

داستان رسیدن سمـــت نـــزد کلا کام
و بیان کردن حقیقت کنور کامروپ

کلا کا سمت نام بهمـــن رهـــا　　که کنور سی رانیکا سنـــتا لکها
وه بهمن گیا تها کـنورکام پاس　　کنورکو چلا لی کلا کام پاس
دنا رین رهتا کنورکام سات　　کهی تب کلا کام رانیکی بات
سمندرمین جسدن وه بهمن گرا　　بهت دن سمندرمین بهتا پهرا
وه بهمن پهری نت سمندرکی بیچ　　بنا جل نه سوکها ملی هوان نه کیچ
جهاز ایک آکی رها هوان کهڑا　　جو دیکهی تو پانیمین مانس بهرا
وه بهمنکو پانیسی اوپر کـــیـــا　　جهاز اوپر اسکو بٹها کـــر لیـــا
جهازیی بهمنسی پوچها بچن　　کهان تم رهو اور کهان هی وطن

وہ بہمن یہہ بولا جہان دوار کا　　میں بہمن ہون بھیک کلا کام کا
سراندیپمیں مجکو جانا بہلا　　کلا کا پروہت کہانا بہلا
جہازینی بولا جہان کام راج　　سراندیپکی راج میرا ہی کاج
سراندیپکی گہاٹ جاکی اتر　　خوشی ہوکہ جانا نگرکی بھیتر
کہا اسگہڑی بیٹہہ جلیان کر　　سراندیپ تجکو ملیگا نگر
بچن سن خوشی ہوکی بہمن سمت　　دی آسیس بیٹھا جہازیکی ہت
جہازی اٹھا بادبان جب چلا　　سراندیپکا دیس آگی ملا
وہ بہمن اترکی نگرمیں گیا　　نگرسیں کلا کی مندرمیں گیا
کلا کامنی جب سنا یہہ خبر　　پروہت سمت ہی کھڑا دوار پر
سمتکی خبر سنکی رانی بلا　　کہا کہہ ری بہمن کنور وہ ملا
سمتنی کہا میں کنور پاس تھا　　نکہنا بہلا ہی کنور کا کتھا
کہا میں گیا جب کنورکام پاس　　کنورکو جو دیکھا بروگی اداس
اودہ پورگورکھمیں تھا وہ کنور　　پتا راج پت ما ہی رانی سندر
تجہی دیکہہ سپنیمی وہ دھیانسی　　نہ تھا بھوک اور پیاس جلیان سی
لگی جبسیں تیری برہ کی لگن　　کیا اپنی تنکو بروگی برن
نکانون سنی کچھہ نہ آنسو رہی　　نبھوجن کری کچھہ نمکھسی ھسی
گیا لی کنور پاس مجکو بٹھا　　کہا کچھہ کہانی کہو یا کتھا
کہا میں کہانی کہانکی کہون　　سمرقند یا اصفہانکی کہون
کتھا اب کہون کون کس دیسکی　　ویا دیپ اپنی سراندیپکی
یکایک سراندیپکا نام سن　　بروگی کنورکی کھلی تب نین
سنا جب کلا کامکا سب بچار　　کنور سنکی رویا بہت زار زار
بچن سن بہت روکی مجسی ملا　　بدا ہوکی ماتا پتا سیں چلا

جہازونکی اوپر چڑھا آن کر   چلا دیس مجلیسین سامان کر
کنور جب سراندیپ راہی ہوا   جہاز اسکی ہریک تباہی ہوا
کنور اور سرانجام جو کچھ رہا   سمندرکی لہرونمین یہہ سب بہا
یہی سب سمندرکی پانی بھیتر   نپایا کہین کچھ کنورکی خبر
خبر سنکی رانی ہوئی بیقرار   دو نینونسی آنجھو چلی زار زار
بلکی کہی جا کنورکو لیاؤ   کنور کامرو سین کلا کو ملاؤ
کنور بن نہ اب اسمندرمین رہون   مجھی اب نطاقت ہی یہہ دکھ سہون
کنور کامکا دھیان تھا سکھ مجھی   وہی سکھ جنمکا ہوا دکھ مجھی
کنور بن جنم بھرکی رونا ہوا   جنم سب اسی دکھمین کھونا ہوا
پپیہا پیا بن جنگلمین پھری   کنور بن کلا اسمحلمین پھری
یہہ جنگل پھری بنمین بولی سدا   کلا کام رانی کنور سی جدا
جنگلسی سنی کوکیلاکی جوکوک   کنورکی برہ کی اٹھی منمین سوک
کنورکو کہی کوئی جس دیسمین   کرون درس اس دیسکی بھیسمین
کہی جا ری بہمن نگر در نگر   کہین کچھ کنورکی ملی کچھ خبر
کنورکی خبر کچھ سناؤ مجھی   کنور کامروسی ملاؤ مجھی
وہ بہمن چلا پھر ہوا راہ پر   چلا کھوج کرتا نگر در نگر
مندرمین کلا تب رہی بیقرار   کنور کب ملی نت کہی یار بار
یہی بات رانیکو دکھڑا ہوا   گیا رنگ سب زرد مکھڑا ہوا
یہی چھین تنمین نہوئی کھڑی   نبولی بچن مکھمین روئی پڑی
کنور کامکی یادمین نت جلی   ندیسا دو نینونسین آنجھو چلی
نہ ماتاکی بولنیمین بولی بچن   ندیکھی پتا کو نکھولی نین
مہا کامراجانی یہہ دھیانسی   کہا اپنی دیوانسین آنسکی

لکھو ذکر نسبتکا قاصد بلاؤ — کنور سب بدیسیکتیں یہہ سناؤ
نگر دیس پردیسکی سب کنور — کہو سبکو آکی رہیں اسنگر
کنور سب بلاکی نگرمیں رکھو — جب آویں نگرمیں کنور تب کہو
کریں صف کھڑی ہوکی میدانمیں — کلا کامکی محل کی سامنیں
کلا کامکی ہاتھہ ہاروا دیویں — اسی صفمیں رانیکو جانی کہیں
اسی صفمیں گلمیں پڑی جسکو ہار — کروں نسبت اسکی کلا سی قرار
کتابت بہت لکھکی دیوان نی — رکھا لا مہاراجکی سامنی
بلا قاصدونکو کتابت دیا — کنور سبکو پیغام نسبت کیا
لکھا سب کنور کو دیا بھیجکر — گئی لیکی قاصد نگر در نگر
کتابت گئی سبکو پیغامکی — سنو اب حقیقت کنور کامکی
کنور باندھکر لی چلا وہ پتھر — چلا سیر کرتا نگر در نگر
اچارج مترچند کنور چلی — سرانديپ پوچھیں انہینجو ملی
بہت دن چلی راہ اسراہ پر — ملا راہ میں انکو بہتا نگر
کنور یار ملکی نگر میں گئی — درختونکی سایہ میں جاکی رہی
اسی دیسمیں ایک ندی نت رہی — عرض طولمیں بہت گہری رہی
مترچند دیکھی ندیکی کنار — کھڑا ایک روتا ہی مانس پکار
کہ ایگنگا ماتا کنور ہی کہاں — کروں تجھمی لیچل کنور ہی جہاں
کنور کو ملاوی تو سیوا کروں — ملی بن کنور تجھمی بہتا دھروں
کنور کا مترچندنی نام سن — گیا اسکی ڈھگ جاکی بولا بچن
کہا تون جو گنگا کناری رہا — کنور نام کسکا پکاری کھڑا
دیا جواب اسنی کہا یہہ بچن — کنور ساتھمیں تھا اودہ پور وطن
سمندرکی لہرونمیں ہریک بہی — خبر کچھہ نپایا کہاں سب رہی

ملی بن کنورکی هوا هون اداس | یہی بات کہتا هون گنگا کی پاس
مترچند یہ سنکہ سکھ چین هو | کہا تم مجھی نام اپنان کہو
کنور کی خبر مین بتاؤن تمہین | کنور پاس بلکہ لیجاؤن تمہین
وہ مانسنی یہ بات سنکہ اچھی | کہا کون هو تم کہو یہ مجھی
کہا مین مترچند کنورکی سات | تم اپنا کہو نام کچھ اپنی بات
کہا مین هون مانك کنور ساتکا | مصاحب رهون جوهری ذاتکا
مترچند مانك بخوشی هو ملی | یہ دونون کنور پاس ملکی چلی
کنور سامنی جب بی دونون گئی | مترچندسی تب کنورنی کہی
کہا دوسرا کون یہ ساتمین | کہانکا هی کیا نام کسذاتمین
کنورسین مترچند نی اسگھڑی | کہا یہ تمہارا وهی جوهری
وہ جوهرینی کنور کو پہچانکر | کنور کی چرن پر گرا آنکر
کنورنی گلی سی لگایا اسی | بتہا راہ کی سب سنایا اسی
مترچند پنڈت نی اپنی کتھا | کہا جوهریسین سب اپنی بتہا
کتہاسنکی سب جوهریدهیانکر | کہا اب سنو حال میرا کنور

در ذکر ملاقات جوهری کہ از همراهی کنور بگردابی
افتادہ بود ونجات یافتن او

جدا هوکی پانیمین جسدن گرا | بہت دن سمندر مین بہتا پھرا
مگر ایکدن باد طوفان چلا | اسی دن مجھی هوان کنارہ ملا
کنارےمین مجھکو دسی آدمی | ولیکن انہونکا کسب رهزنی
کہین رهزنی کرکی آئی تھی وہ | بہت لوٹکا مال لائی تھی وہ

انہونکی تعقیب کو مانس بھرین　　چہون اور کھوجین کہ رہزن ملین
تعقبکی مانس دسی سامنی　　اتھی دیکھ رہزن لگی بھاگنی
گئی بھاگ رہزن کہین کی کہین　　مجھی آن پکڑی کہ رہزن تو ہین
پکڑ کی مجھی پاس حاکم کی لائی　　یہہ سردار رہزن ہی مجکو بتائی
مجھی حاکم وقت آگو بلا　　کہا اور ساتھی کہان ہین بتا
کہا مین نرہزن نہ اسدیسکا　　مسافر بدیسی ہون پردیسکا
کرونہون کسب مین جواہرگری　　میرا نام مانك کسب جوہری
بچن سنکی حاکم جواہر منگائی　　منگا کی جواہر مجھی سب دکھائی
جواہر کتنین مین نظر سب کیا　　وزن قیمت انکا بتا کی دیا
اسی دنسی حاکم کنی مین رہا　　سبہی جوہرونکا مرم سب کہا
ملا جوہری دلمین آسا کیا　　کنور نی بچن سن دلاسا دیا
کنورنی کہا اب ہوئی چار یار　　چلو اب سراندیپ دیکھین دیار
کنور یار مل ہو اتیتونکی بھیس　　گلی ڈال کنتھا بڑھا سیس کیس
بھبھوت انگ ملکی ہوئی ایکرنگ　　لئی ہات کھپر پھرین ایك سنگ
کنور دیس آدیس کرتی چلی　　کلا کام سمرن سمرتی چلی
کنور یار ملکی رہی رین ودن　　نچھوڑی کنور کو کبہی ایك چھن
چلین راہ دن بھرکی جب رین ہو　　نہ بستی ملی تو رہین بنمون سو
جہان رین ہوئی یہہ چارون رہین　　کلا بن بچن کچھ نجانین کہین
ہوئی بھور تب اتھکی آگو چلین　　جہان راہ مین آدمی سب ملین
کہانہیں سراندیپ پوچین انہین　　جدھروہ بتاوی ادھر پھر چلین
کنورکو ملا راہ مین ایك دیس　　گیا کہکی آدیس بیراگ بھیس
اسی دیسمین راج کرپت کری　　جو پرجا نگر کی سبہی سکھ کری

خبردار راجہ سیٔ جاکہ کہی — بدیسی اتیت آ نگر مین رہی
کیا حکم ان سب اتیتونکو لاؤ — بٹھا سامنی سبکو بھوجن کراؤ
جنمکی اتیتون کتین جانکر — خبر دار سبنی کہا آنکر
مہاراج کرپت بلاوی تمہین — وہی راج بھوجن کراوی تمہین
کنور ہوکی راضی خبردار سات — چلی یار ملکی کنورکی سنگھات
کنور یار ملکی اتیتونکی بھیس — کئی جاکی کرپتسی آسیس دیس
بلایا اتیتونکتین سامنی — کھڑا سیس بیٹھا کنور کامنی
طرح ہر طرح انکو بھوجن دیا — کنور یار سب ملکی بھوجن کیا
کنور بھوجنا کرھوا جب سخت — کیا نرتکا راج کرپت نیت
ھوا حکم آوین سبہی نرت کال — کرین نرت سب لاکی مردنگ تال
